کرن کتاب
رمضان المبارک
سحر و افطار
ماہنامہ کرن
۳۷، اردو بازار، کراچی۔

اللہ تعالیٰ کے ذکر کی فضیلت کا بیان

حدیث قدسی میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ۔

میں اپنے بندہ کے گمان کے ساتھ ہوں (جیسا وہ میرے متعلق گمان رکھتا ہے میں ویسا ہوتا ہوں) اور میں اس کے ساتھ ہوں جب وہ میرا ذکر کرتا ہے چنانچہ اگر وہ اپنے دل میں میرا ذکر کرتا ہے تو میں بھی اپنی تنہائی میں اسے یاد کرتا ہوں اور اگر وہ کسی مجمع میں میرا ذکر کرتا ہے تو میں بھی اس کے مجمع سے بہتر مجمع میں (فرشتوں کے مجمع میں) اس کا ذکر کرتا ہوں۔

ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ۔

کیا میں تمہیں وہ عمل نہ بتاؤں جو تمہارے اعمال میں سب سے زیادہ بہتر ہے اور تمہارے مالک (پروردگار) کے نزدیک سب سے زیادہ پاکیزہ ہے اور تمہارے درجات کو سب سے زیادہ بلند کرنے والا ہے اور سونے چاندی کے (اللہ تعالیٰ کی راہ میں) خرچ کرنے سے بھی بہتر ہے اور اس سے بھی بہتر ہے کہ تم اپنے دشمن سے (میدان جہاد میں) مقابلہ کرو اور پھر تم ان کی گردنیں کاٹو اور وہ تمہاری گردن کاٹیں؟ (صحابہ رضی اللہ نے عرض کیا) کیوں نہیں یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ضرور بتلائیے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

(وہ عمل) اللہ کا ذکر ہے۔

مختلف سورتوں کے فضائل

فضائل سورۃ کہف

سورۃ کہف کے فضائل اور خواص کے بارے میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چند ارشادات مندرجہ ذیل ہیں۔

حدیث : حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دور میں ایک مرتبہ ایک شخص نے اپنے گھر میں سورۃ کہف کی تلاوت کی' ان کے گھر میں ایک گھوڑا بندھا ہوا تھا' وہ تلاوت سن کر خوشی سے اپنے پیر اور گردن کو ہلانے لگا اور ایک بادل اس کے گھر پر آ کر سایہ فگن ہو گیا۔ اس نے اس کا ذکر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں کیا تو اس پر حضور صلی

اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ سورۃ کہف پڑھا کرو کیونکہ یہ سکینہ ہے یعنی اس سے سکون ملتا ہے۔
(صحیح بخاری)

حدیث : معاذ بن انس جہنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے سورۃ کہف کا اول و آخر پڑھا وہ سر تاپا منور ہو جائے گا۔ اور جو شخص اس سورۃ کو مکمل پڑھے گا اس کے لیے زمین و آسمان کے درمیان نور ہی نور ہو گا۔ (مسند امام احمد)

حدیث : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے جمعہ کے دن سورۃ کہف پڑھی قیامت کے دن از سر تاپا اور زمین سے آسمان تک اس کے لیے نور ہی نور ہو گا اور دونوں جمعوں کے درمیان اس کے گناہ معاف کر دیے جائیں گے۔
(تفسیر ابن کثیر)

حدیث : حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً" روایت ہے کہ جس شخص نے جمعہ کے روز سورۃ کہف پڑھی وہ پورے ہفتہ تک ہر فتنہ سے محفوظ رہے گا' اور اگر دجال بھی نکلے تو اس سے بھی محفوظ رہے گا۔ (ابن کثیر)

فائدہ : یہ سورۃ ادائیگی قرض' دشمن کی زبان بندی' رفع غربت' ظالم سے نجات' حفاظت حمل کے لیے بہت موثر ہے' ایک بزرگ کا قول ہے کہ خلاصی قرض کے لیے جو شخص نماز جمعہ کے بعد مسجد میں بیٹھ کر اس سورت کو ایک مرتبہ خلوص دل سے پڑھ لے اور اس کے بعد سجدہ ریز ہو کر اللہ کے حضور خلاصی قرض کے لیے دعا کرے ان شاء اللہ! قبول ہو گی' جب تک قرض اترنے کی کوئی صورت نہ بنے اس وقت تک ہر جمعہ یہ سورۃ پڑھتا رہے۔

☆ اگر کوئی شخص غربت کا شکار ہو' اس کی روزی کا کوئی ذریعہ نہ بن رہا ہو تو اسے چاہیے کہ گیارہ روز تک اس سورت کو بعد نماز عشاء پڑھے' ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی روزی میں فراخی کا سبب بن جائے گا۔

فضائل سورۃ سجدہ

سورۃ سجدہ : وہ سورت ہے جسے حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے کثرت سے پڑھا ہے' اس لیے اس کی فضیلت اور برکت بے پناہ ہے۔

حدیث : حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سورۃ سجدہ اور سورۃ الملک پڑھے بغیر نہیں سویا کرتے تھے۔ (دارمی' ترمذی)

حدیث : حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم جمعہ کے دن نماز فجر میں سورۃ الم السجدۃ پڑھا کرتے تھے۔ (ابن کثیر)

فائدہ : یہ سورۃ غلبہ اور عزت پیدا کرنے میں بہت مفید ہے۔ اگر کوئی شخص ملازمت کرتا ہو اور اس کے افسران بالا اس سے خفگی اور سختی سے پیش آتے ہوں تو اسے چاہیے کہ سات روز تک بعد نماز فجر اس سورت کو تین مرتبہ روزانہ پڑھے' ان شاء اللہ! افسران بالا بے حد مہربان ہو جائیں گے۔

☆ یہ سورۃ شفایابی کے بھی اثرات رکھتی ہے اس لیے اس سورۃ کو تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلانا مریض کی صحت یابی کی دلیل ہے۔ اور اللہ اپنی رحمت سے مریض کے صحت یاب ہونے کا ذریعہ بنا دے گا۔

☆ اگر کسی شخص کو مخالف فریق نے مکان' زمین یا جائداد کے مسئلے میں بہت پریشان کر رکھا ہو۔ اسے چاہیے کہ اکیس روز تک اس سورت کو روزانہ بعد نماز عشاء گیارہ مرتبہ پڑھے' ان شاء اللہ تعالیٰ مخالفوں سے ہر طرح کی پریشانی سے نجات ملے گی۔

فضائل سورۃ یٰسٓ

سورۃ یٰسٓ : قرآن مجید کا دل ہے اور بے پناہ فوائد کی حامل ہے۔ ہر طرح کی حاجت روائی اس کی تلاوت میں مضمر ہے اور خاص کر اسے پڑھنے سے اللہ بہت راضی ہوتا ہے۔ احادیث میں اس کے بے پناہ فضائل بیان ہوئے ہیں ان میں سے چند احادیث حسب ذیل ہیں۔

حدیث : حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ جو شخص یٰسٓ شریف پڑھے اسے دس قرآن مجید پڑھنے کا ثواب ملے گا۔ (ترمذی شریف)

حدیث : حضرت انس رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم سے روایت کرتے ہیں کہ ہر چیز کا ایک دل ہوتا ہے 'قرآن کا دل سورۃ یٰسٓ ہے۔ جو یٰسٓ شریف پڑھے گا اسے اس کی قرات کی وجہ سے دس بار قرآن مجید پڑھنے کا ثواب ملے گا۔ (ترمذی)

حدیث : حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا: اللہ کی رضامندی کے لیے جو شخص سورۃ یٰسٓ پڑھے گا اس کے پہلے گناہ معاف کردیے جائیں گے۔ لہٰذا اس سورۃ کو مرنے والوں کے پاس پڑھا کرو۔ (بیہقی 'شعب الایمان)

حدیث : حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے فرمایا: جس نے رات کے وقت سورۃ یٰسٓ پڑھی ' اس حالت میں صبح کو اٹھے گا کہ وہ بخشا ہوا ہوگا۔ (ابن کثیر)

فائدہ : ان احادیث سے معلوم ہوا کہ سورۃ یٰسٓ پڑھنے سے دین و دنیا میں ہر قسم کی بھلائی حاصل ہوتی ہے ' خاص کر مرنے والوں کے قریب اس سورۃ کی تلاوت کی جائے تو ان پر نزع کے مشکلات آسان ہو جاتی ہیں۔

☆ بزرگان دین کا قول ہے کہ یہ سورۃ ہر قسم کی حاجت کے لیے بہت اکسیر ہے اس لیے اگر کسی شخص کو شدید حاجت درپیش ہو تو اسے چاہیے کہ گیارہ دن تک سورۃ یٰسٓ روزانہ ایک مرتبہ پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری ہوگی۔

☆ اگر کوئی شخص اس سورت کو بعد نماز فجر ایک مرتبہ روزانہ پڑھنے کا معمول بنالے تو وہ بہت جلد لوگوں میں ہردلعزیز ہو جائے گا 'اس کی عزت میں بے پناہ اضافہ ہوگا 'مال میں برکت ہوگی' ہر قسم کی برائی ختم ہو کر طبیعت میں اچھائی کا رجحان پیدا ہوگا 'شیاطین اور بلاؤں سے محفوظ رہے گا 'بیماریوں سے شفا ملے گی اگر اولاد کی خواہش کرے گا تو نیک اولاد ملے گی۔ اگر کوئی قید میں اسے کثرت سے پڑھے تو قید سے رہائی ملے گی۔ غرضیکہ سورۃ یٰسٓ کو پڑھنے کے بعد جو خواہش دل میں لائے گا پروردگار! اسے اپنی رحمت سے پورا کرے گا۔

☆ دشمنوں کے شر سے بچنے کے لیے بھی سورۃ یٰسٓ بہت مفید ہے۔ لہٰذا اگر کسی کو کوئی دشمن تنگ کرتا ہو تو اسے چاہیے کہ سات دن تک روزانہ اسے پڑھے ' ان شاء اللہ تعالیٰ ظالم دشمن سے کسی قسم کا نقصان نہ پہنچے گا۔

فضائل سورۃ محمد

☆ یہ سورۃ بڑی بابرکت ہے کیونکہ یہ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کے نام کی طرف منسوب ہے 'جو شخص اسے روزانہ ایک مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے ' اسے حضور صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کی ذات گرامی سے محبت پیدا ہو جائے گی کیونکہ حضورؐ کی محبت اصل دین ہے اور جسے حضور صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کی محبت حاصل ہو جائے وہ سمجھے کہ اسے دنیا کی بڑی سعادت حاصل ہو گئی۔

☆ اگر کسی شخص کو کوئی ایسا کام درپیش ہو جو بظاہر

ہوتا ہوا نظر نہ آتا ہو' اسے چاہیے کہ ہر جمعہ کو چند مرد اکٹھے کرے اور اس سورۃ کو ۱۱ مرتبہ پڑھائے اس کے بعد حسب توفیق جو میسر آئے ان پڑھنے والوں میں تقسیم کرے' سات جمعوں تک ایسا ہی کرے۔ ان شاء اللہ مشکل سے مشکل کام بھی ہو جائے گا۔ یہ سورۃ دشمنوں پر فتح پانے کے لیے بھی بہت موثر ہے۔ اگر کسی شخص کو کوئی دشمن تنگ کرتا ہو تو اسے چاہیے کہ چالیس دن تک اس سورۃ کو ۱۱ مرتبہ بعد نماز عصر پڑھے' ان شاء اللہ دشمن زیر ہو گا اور ہمیشہ کے لیے اپنی بری حرکتوں سے باز آجائے گا۔

☆ اگر کسی شخص کو برے خواب آتے ہو تو اسے چاہیے کہ سونے سے پہلے اس سورت کو ایک مرتبہ پڑھ کر سوئے ان شاء اللہ کوئی برا خواب نہ آئے گا بلکہ اچھے خواب دیکھنے لگے گا۔ اس عمل کو گیارہ روز تک جاری رکھے۔

سورۃ فتح

یہ سورت ہر کام میں فتح کے لیے بہت اکسیر ہے۔ خاص کر دشمنان دین پر غلبہ پانے کے لیے بہت ہی لاجواب ہے۔ اس سورت کی فضیلت کے بارے میں چند روایات حسب ذیل ہیں۔

حدیث : ابن سعد نے مجمع بن جاریہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ جب جبریل علیہ السلام اس سورت کو لے کر آئے تو انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی خدمت میں عرض کی کہ یہ سورت آپ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو مبارک ہو! جبریل کی مبارک باد کے بعد صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے بھی آپ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو مبارک باد دی۔ (صحیح بخاری)

حدیث : حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ یہ سورت مجھے ان تمام چیزوں سے زیادہ پسند ہے جن پر سورج طلوع ہوا۔ (صحیح بخاری)

حدیث : صلح حدیبیہ سے واپسی میں مکہ اور مدینہ کے راستے میں اس سورت کا نزول ہوا اور جب یہ سورت نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا: آج رات مجھ پر ایک ایسی سورت نازل ہوئی ہے جو مجھے دنیا کی ہر چیز سے زیادہ پیاری ہے۔ (صحیح بخاری)

☆ جو شخص اسے سفر میں جاتے ہوئے پڑھے تو وہ سفر میں محفوظ رہے گا۔ اگر جہاز میں جاتا ہوا پڑھے تو جہاز بخیریت پہنچے گا۔ غرضیکہ جس سواری پر پڑھے گا حفاظت اور امن پائے گا۔

☆ جس کام میں فتح مقصود ہو تو اس سورت کو ۲۱ مرتبہ پڑھ کر اس کام کو کرنے کے لیے جائے۔ ان شاء اللہ کامیابی اور نصرت پائے گا۔

☆ اگر کسی شخص کے کاروبار یا فراوانی دولت کے متعلق کوئی حسد کرتا ہو تو اس سورت کو چالیس روز تک روزانہ ایک مرتبہ کاروبار کے مقام پر پڑھے۔ ان شاء اللہ! حاسدوں کے حسد سے ہمیشہ محفوظ ہو جائے گا۔ اس سورت کو روزانہ بعد نماز فجر پڑھنے کا معمول بنانے سے کشادگی رزق کا ذریعہ بنتا ہے۔ اس کے علاوہ رمضان المبارک کے چاند کو دیکھ کر تین مرتبہ کھڑے ہو کر اس سورت کو پڑھے' ان شاء اللہ! پورا سال امن و امان میں رہے گا۔

☆ اگر کوئی شخص حج کا خواہشمند ہو اور اس کا ذریعہ نہ بنتا ہو تو اسے چاہیے کہ چالیس روز تک اس سورت کو گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھے' ان شاء اللہ تعالیٰ غیب سے اس کے لیے حج کا ذریعہ بن جائے گا۔ غرضیکہ اس سورت کو پڑھنا فتوحات کی کنجی ہے۔

فضائل سورۃ رحمٰن

سورۃ رحمٰن : حسن عبارت اور حسن طرز کے لحاظ سے قرآن پاک کی زینت ہے اس سورت کی تلاوت میں ایسا اثر ہے کہ سننے والے پر بے حد

خاموشی اور رقت طاری ہوتی ہے۔ کیونکہ تفسیر ابن کثیر میں لکھا ہے کہ یہ سورت اپنے حسن عبارت اور عمدہ طرز ادائیگی میں دلہن کی طرح آراستہ و پیراستہ اور مزین ہے۔

☆ جب حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے صحابہ کرام کے سامنے اس سورت کی تلاوت کی تو صحابہ رضی اللہ خاموش رہے۔ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا: تم سے اچھے تو جن تھے جب بھی میں ان کے سامنے فبای الاء ربکما تکذبن پڑھتا تو وہ کہتا کہ اے اللہ! ہم تیری کسی نعمت کی ناشکری نہیں کرتے۔ (حاکم عن جابر رضی اللہ)

☆ یہ سورت ہر قسم کی حاجت روائی کے لیے بہت اکسیر ہے۔ حاجت کے لیے اس سورت کو گیارہ روز تک گیارہ مرتبہ پڑھے ان شاء اللہ! حاجت پوری ہو گی۔

☆ اگر کسی کے گھر میں موذی جانور رہتے ہوں یعنی سانپ --- کنکھجورے، بچھو وغیرہ تو اس سورت کو سات روز تک روزانہ سات مرتبہ پڑھ کے پانی دم کر کے مکان کی دیواروں پر چھڑکے ان شاء اللہ موذی جانور وہاں سے ختم ہو جائیں گے۔

فضائل سورۃ واقعہ

یہ سورت بڑی بابرکت ہے اس کے متعلق حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چند ارشادات حسب ذیل ہیں۔

حدیث : بیہقی نے شعب الایمان میں ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے میں نے سنا کہ جو آدمی ہر رات سورۃ الواقعہ پڑھے گا اسے کبھی فاقہ نہ ہو گا۔

☆ جو شخص اسے روزانہ ۱۴۱ بار پڑھے اس کی روزی فراخ ہو جائے گی اور ایک سال تک یہ عمل جاری رکھے کیونکہ اسے روزانہ پڑھنے والا غنی ہو جاتا ہے اور کبھی فاقہ کا شکار نہیں رہتا۔

اگر اس سورت کو پڑھ کر اس کے بعد اپنے مرحوم کی بخشش اور نجات کی دعا کی جائے تو ان شاء اللہ وہ عذاب قبر سے نجات پائے گا مگر اس عمل کو چالیس روز تک مسلسل کرنا چاہیے۔ اگر کسی شخص کی پیداوار میں نقصان ہو جاتا ہو تو اسے چاہیے کہ اس سورت کو تین مرتبہ پڑھے اور بیج بونے سے پہلے بیجوں پر دم کرے۔ اس کے بعد ان بیجوں کو کاشت کرے۔ ان شاء اللہ پیداوار میں اضافہ ہو گا اور فصل آفتوں سے محفوظ رہے گی۔

☆ اگر کسی عورت کے ہاں بچہ پیدا ہونے والا ہو تو اس سورت کو تھوڑے سے پانی پر سات مرتبہ پڑھ کر دم کر کے پلائیں۔ ان شاء اللہ ولادت میں آسانی ہو جائے گی۔

فضائل سورۃ جمعہ

سورۃ جمعہ : کو اس لیے جمعہ کہا جاتا ہے کہ اس میں جمعہ پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے اس کے بارے میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

☆ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم جمعہ کے دن سورۃ الجمعہ اور سورۃ المنافقون پڑھا کرتے تھے۔ تفسیر روح المعانی میں لکھا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم جمعہ کے دن عشاء کی نماز میں بھی سورۃ الجمعہ اور سورۃ المنافقون پڑھا کرتے تھے۔ (روح المعانی)

☆ جمعہ کے روز اس سورت کو گیارہ مرتبہ پڑھنا بے پناہ ثواب کا سبب بنتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہوتا ہے اور اس کے نامہ اعمال میں دس گناہ زیادہ نیکیوں کا اضافہ کر دیتا ہے۔ یہ سورت فریقین میں نا اتفاقی کو ختم کرنے کے لیے بڑی موثر ہے۔ لہٰذا اگر کسی میاں بیوی میں لڑائی جھگڑا اور بد سلوکی رہتی ہو تو دونوں میں سے کسی ایک کو چاہیے کہ ہر جمعہ کے دن

فجر کی نماز کے بعد تین مرتبہ سورۃ جمعہ پڑھے اور اس کے بعد اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے اور پانی پر دم کر کے خود بھی پیئے اور بیوی کو بھی پلائے' ان شاء اللہ تعالیٰ اس کلام کی برکت سے نفاق دور ہو جائے گا اور میاں بیوی میں محبت پیدا ہو جائے گی۔ اس عمل کو سات جمعہ تک کرنا چاہیے۔

☆ اگر کسی شخص میں پابندی وقت نہ ہو تو اسے چاہیے کہ اس سورت کو چالیس روز تک بعد نماز عصر روزانہ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے مزاج میں پابندی پیدا ہو جائے گی اور وہ نماز پڑھنے میں بھی پابند ہو جائے گا۔

☆ ترقی رزق کے لیے اس سورت کو تہجد کی نماز کے بعد تین مرتبہ ۴۱ روز تک پڑھیں ان شاء اللہ تعالیٰ بند کام شروع ہو جائے گا اور حصول رزق میں آسانی پیدا ہو جائے گی۔

فضائل سورۃ ملک

یہ سورت مکہ معظمہ میں نازل ہوئی اور اپنے مضمون کے لحاظ سے بڑی اہمیت اور فضیلت رکھتی ہے۔ اس سورت کو تبارک مانعہ' منجیہ اور مجادلہ بھی کہا جاتا ہے۔

☆ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ اس صورت کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کے زمانہ میں ہم مانعہ (عذاب الٰہی سے روکنے والی) کہتے تھے۔ (طبرانی)

☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ایک شخص سے فرمایا کیا میں تم کو ایسی حدیث تحفہ میں نہ دوں جس سے تم خوش ہو جاؤ۔ تبارک الذی بیدہ الملک پڑھا کرو اپنے گھر والوں کو' سارے بچوں کو اور پڑوسیوں کو سکھاؤ۔ یہ نجات دلانے والی قیامت میں مجادلہ کرنے والی ہے (یعنی اپنے رب سے پڑھنے والے کے لیے جھگڑا کرے گی' اور اللہ رب العزت سے مطالبہ کرے گی کہ اسے عذاب جہنم سے بچا لے۔ اس کی وجہ سے اس کا پڑھنے والا عذاب قبر سے نجات پائے گا۔ (ترمذی)

چند فوائد حسب ذیل ہیں: (۱) اگر کوئی شخص سوتے وقت ایک مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے تو ان شاء اللہ اس سورت کی برکت سے وہ قبر کے عذاب سے محفوظ رہے گا۔ عالم سکرات میں ذرہ بھر تکلیف نہ ہو گی' قیامت کے دن حضور صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم اس کی شفاعت کریں گے' اس لیے اگر اس سورت کو گیارہ روز تک بعد نماز ظہر پڑھ کر اللہ کے حضور میں کسی مرحوم شخص کی مغفرت کے لیے دعا کی جائے تو ان شاء اللہ دعا قبول ہو گی اور مرحوم کو اللہ تعالیٰ راحت نصیب فرمائے گا اور اس سے عذاب قبر ٹل جائے گا۔

(۲) جو شخص اس سورت کو روزانہ بعد نماز فجر پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس کے ایمان میں استقامت پیدا کرے گا اور اس کا خاتمہ بالایمان ہو گا اور اگر کوئی شخص اسے روزانہ ۴۱ مرتبہ طویل عرصہ تک پڑھتا رہے تو ایک وقت آئے گا کہ وہ صاحب کشف بن جائے گا۔

(۳) اگر کسی بچے کو نظر بد لگ جاتی ہو تو اس سورت کو ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس بچے کو پلائیں' ان شاء اللہ نظر بد کے اثرات ختم ہو جائیں گے اور بچہ ہمیشہ کے لیے نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

فضائل سورۃ مزمل

سورۃ مزمل بڑی بابرکت سورت ہے کیونکہ اسے حضور صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم سے خصوصی مناسبت ہے' اس لیے اس سورت کے فیوض و برکات بے پناہ ہیں۔ یہ سورت خاص کر مصائب سے خلاصی پانے' مشکلات کے آسان ہونے' افلاس کے دور ہونے اور روزی کے فراخ ہونے' نیک اعمال کی طرف دل پھیرنے کے لیے بہت مفید ہے۔

☆ حضور اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا ہے۔ جو شخص اس سورت کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کے افلاس کو دور کر دے گا۔ جس مشکل کے لیے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہو جائے گی۔ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اس سورت کو مصیبت کی حالت میں پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دور کر دے گا۔

چند فوائد حسب ذیل ہیں : (۱) جو شخص اسے ایک سال تک بعد نماز فجر روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھتا رہے گا اس کے رزق میں اضافہ ہو جائے گا۔ وہ کبھی غریب اور محتاج نہ ہو گا۔ ایک عامل کا قول ہے کہ کشادگی رزق کے لیے اس سورت کو روزانہ سات مرتبہ پڑھنا بہت اکسیر ہے۔

(۲) حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی زیارت کے لیے اس سورت کو روزانہ ایک مرتبہ تہجد کے وقت پڑھیں یا سوتے وقت پڑھیں تو ان شاء اللہ تعالیٰ اسے حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی زیارت نصیب ہو گی، جو شخص اعتکاف میں اس سورت کو تہجد کے وقت پڑھے تو اس کے حق میں ایمانی فیوض و برکات کے لیے بہت بہتر ہے۔

(۳) یہ سورت عاملوں کی بڑی محبوب سورت ہے، بے شمار لوگ اس کا عمل کرتے ہیں اور اس کے فیوض و برکات حاصل کرتے ہیں۔ کیونکہ یہ سورت ہر قسم کے غلبہ کے لیے بہت تیزی سے کام کرتی ہے۔

(۴) اگر کسی کے رزق میں کوئی رکاوٹ آگئی ہو یا کوئی ایسا مسئلہ درپیش ہو گیا ہو جو بظاہر ناممکن نظر آ رہا ہو تو اسے چاہیے کہ چالیس روز تک خلوت میں بیٹھ کر اس سورت کو چالیس مرتبہ روزانہ پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا ہر مسئلہ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے حل ہو جائے گا۔

فضائل سورۃ فجر

فائدہ : یہ سورت دنیاوی آسانیوں اور آسائشوں کے لیے بہت موثر ہے۔ ایک قول کے مطابق یہ سورت مسلمانوں کی حوصلہ افزائی کے لیے نازل ہوئی اور یہ بات ذہن نشین کرائی گئی کہ مال کی فراوانی اور مال کی قلت اللہ تعالیٰ کی آزمائش کے دو رخ ہیں۔ اس لیے مال کی کثرت سے یہ سمجھ لینا کہ وہ اللہ تعالیٰ کا منظور نظر ہے یا افلاس کی زندگی بسر کرنے والے کے متعلق یہ خیال کرنا کہ وہ اللہ تعالیٰ کی نظروں سے گرا ہوا ہے کسی طرح بھی درست نہیں۔ یہ دونوں چیزیں انسان کی آزمائش کا ذریعہ ہیں۔ جس نے اس کی نعمتوں پر شکر ادا کیا اور مصائب میں صبر کا دامن نہ چھوڑا وہ دربار خداوندی میں سرخرو اور کامیاب ہے۔

☆ ایک روایت ہے کہ جو شخص سورۃ فجر کو ذی الحجہ کے پہلے دس دنوں میں پڑھے گا اس کے تمام گناہ معاف کر دیے جائیں گے اور اگر کوئی شخص اسے ذی الحجہ کے پورے ماہ میں پڑھتا رہے تو اللہ اسے قیامت کے دن خاص نور عطا فرمائے گا۔

☆ جو شخص اس سورت کو فجر کی نماز کے بعد روزانہ تلاوت کرنے کا معمول بنا لیتا ہے اللہ تعالیٰ اسے روحانی خوشی عطا فرماتا ہے وہ دنیا کے غم اور تفکرات سے ہمیشہ بے غم رہتا ہے۔

فضائل سورۃ الم نشرح

فائدہ : اس مبارک سورت کو روزانہ ۲۱ مرتبہ پڑھنا دین و دنیا کے لیے بہت مفید ہے۔ مال و دولت میں اضافہ ہو گا، عزت میں اضافہ ہو گا، خاندان ہر طرح کی بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔ خلاصہ یہ کہ یہ سورت اسرار الٰہی کا خزانہ ہے، اسے پڑھنے سے علم کی دولت سے مالا مال ہو جاتا ہے۔ اس سورت کو روزانہ ۴۱ مرتبہ بعد نماز عشاء چالیس روز تک پڑھنے سے مشکل ترین کام بھی آسان ہو جاتا ہے، جو شخص روزانہ سوتے وقت اس سورت کو گیارہ مرتبہ پڑھنے کا معمول

بنا لے۔ اللہ تعالیٰ اسے ہمیشہ بے غم کر دے گا اور اس کے شب و روز بڑے سکون سے گزریں گے۔

فضائل سورۃ قدر

رمضان المبارک میں اس سورت کو کثرت سے پڑھنا باطن کی پاکیزگی کا ذریعہ بنتا ہے اور اس کا ثواب بے پناہ ملے گا۔ اس سورت کو رات کو سات مرتبہ پڑھ کر سونا روزی میں اضافہ، آنکھوں کی بینائی کی حفاظت، لقوے کے مرض میں شفایابی اور آخرت میں ذریعہ نجات ہے۔ یہ سورت مصائب سے حفاظت کے لیے بھی بہت مفید ہے۔ اس لیے جو شخص اسے روزانہ سوتے وقت ایک مرتبہ پڑھ کر سوئے اس کا گھر اور جان و مال بحفاظت رہے گا۔

فضائل سورۃ تکاثر

جو شخص اس سورت کو بعد نماز مغرب ایک مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت فرمائے گا۔ اس کے علاوہ قرض سے خلاصی پانے کے لیے اسے سترہ روز تک بعد نماز عشاء ۷۰ مرتبہ پڑھیں ان شاء اللہ تعالیٰ قرض سے چھٹکارا حاصل ہو گا۔ اگر کسی شخص میں زر پرستی کا لالچ بہت زیادہ ہو اور وہ اپنے انجام کو بھولا ہوا ہو تو اسے چاہیے کہ اس سورت کو سوتے وقت ایک سو بیس دن تک روزانہ ۱۱ مرتبہ پڑھے، ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے دل سے زر پرستی کا لالچ نکل جائے گا اور دل عبادت الٰہی کی طرف مائل ہو جائے گا۔

فضائل سورۃ عصر

یہ سورت محبّ کے لیے بہت مفید ہے۔ اس سورت کو سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مصیبت زدہ کو پلانا اس کی پریشانی کو دور کرے گا۔ اس کے علاوہ بعد نماز فجر اس سورت کو روزانہ ۱ مرتبہ پڑھنا حق پر قائم رہنے اور مصائب پر صبر کرنے کی توفیق ملتی ہے۔

فضائل سورۃ فیل

یہ سورت ہر موذی صفت رکھنے والی چیز سے چھٹکارا پانے کے لیے بہت مجرب ہے خواہ وہ موذی بیماری ہو یا جانور، جو شخص اسے بعد نماز عشاء ۳۳ مرتبہ ۴۰ روز تک پڑھے، ان شاء اللہ تعالیٰ اسے بلڈ پریشر، شوگر جیسی بیماریوں سے چھٹکارا ملے گا۔ اس کے لیے اس سورت کو گیارہ روز تک ۱۱ مرتبہ بعد نماز ظہر مقہوری دشمن کے لیے بہت مفید ہے۔

فضائل سورۃ قریش

سفر کی حالت میں اس سورت کو پڑھنا خوف و ہراس سے نجات دلاتا ہے، اگر کسی بچے کو ڈر لگتا ہو تو اس سورت کو سات دن تک روزانہ ۴۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں، ان شاء اللہ تعالیٰ بچے کو ڈر لگنا ختم ہو جائے گا۔ اگر دکان پر اس سورت کو روزانہ کثرت سے پڑھا جائے تو کاروبار میں ترقی اور برکت ہو گی۔ یہ سورت بیماری سے نجات کے لیے بھی بہت مفید ہے۔ خاص کر موذی بیماری جیسے شوگر، فالج، بواسیر کے لیے اسے بعد نماز عشاء ۷ مرتبہ پڑھنا بہت اکسیر ہے۔

فضائل سورۃ کوثر

جو شخص یہ سورت شب جمعہ کو ایک ہزار بار پڑھے اور باوضو سو جائے اور گیارہ جمعے تک اسی طرح عمل کرے، ان شاء اللہ تعالیٰ اسے خواب میں حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی زیارت ہو گی۔ جس شخص کی اولاد زندہ نہ رہتی ہو۔ اگر وہ اکتالیس دن تک بعد نماز سات مرتبہ روزانہ پڑھے، ان شاء اللہ تعالیٰ جو اولاد ہو گی وہ اللہ کی رحمت سے زندہ اور سلامت رہے گی۔ اس سورت کو روزانہ ایک مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لینے سے رزق میں اضافے کا سبب بنے گا اور دل عبادت الٰہی کی طرف مائل ہو گا۔

حدیث : میں ہے کہ سورۃ کوثر پڑھنے والے کو

اللہ تعالیٰ جنت کی نہر کوثر سے پانی پلائے گا اور اس کے لیے نحر کے دن قربانی کرنے والوں کے برابر نیکیاں لکھ دی جائیں گی۔ (کتاب العمل)

فضائل سورۃ کافرون

جو شخص اس سورت کو خلوص دل سے بعد نماز فجر یا بعد نماز عشاء گیارہ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے اس کے دل سے بغض، حسد، کینہ، جھوٹ، فریب، نفاق گویا کہ ہر قسم کی اخلاقی برائی نکل جائے گی اور شیطانی وسوسوں سے محفوظ رہے گا اور اس کا خاتمہ بالایمان ہو گا اور دل عبادت کی طرف بے حد مائل ہو گا۔ اگر کوئی بچہ نماز پڑھنے میں کوتاہی کرتا ہو تو گھر کا کوئی فرد ۲۱ روز تک اس سورت کو ۲۱ مرتبہ روزانہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائے، ان شاء اللہ تعالیٰ نماز پڑھنے میں استقامت پیدا ہو جائے گی۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص سورۃ کافرون کی تلاوت کرے اسے چوتھائی قرآن کے برابر ثواب ملے گا۔

(در منثور)

فضائل سورۃ نصر

اس سورت کی تلاوت ہر قسم کی مراد پوری ہونے کے لیے بہت مفید ہے، بشرطیکہ اس سورت کو علیحدگی میں بیٹھ کر ۳۳ مرتبہ پڑھا جائے۔ البتہ ہر نماز کے بعد اگر اسے سات مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لیا جائے تو ہر مشکل آسان ہوتی چلی جائے گی۔ اس سورت کو کثرت سے پڑھنے کا معمول بنانے سے صغیرہ اور کبیرہ گناہ معاف ہو جاتے ہیں اور عبادت الٰہی کی طرف رغبت اور شوق پیدا ہوتا ہے۔

فضائل سورۃ اللھب

یہ سورت دشمنان دین کی تباہی و ہلاکت کے لیے بہت موثر ہے۔ اگر اس سورت کو روزانہ سات مرتبہ پڑھیں تو دشمن کے شر سے محفوظ رہیں گے۔ اگر اس سورت کو پڑھ کر کسی دشمن کے سامنے جائیں تو وہ ہرگز نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

فضائل سورۃ اخلاص

سورۃ اخلاص حُبّ اور رفع حاجت کے لیے بہت موثر ہے، جو شخص اس سورت کو ایک ہزار مرتبہ روزانہ بعد نماز عشاء ۲۵ دن تک پڑھے تو اس کی ہر جائز حاجت پوری ہو گی۔ اور جو شخص اسے روزانہ ۱۱ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے وہ ان شاء اللہ تعالیٰ محبوب الخلائق ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ اس سورت کو پڑھنے کا بے پناہ اجر ملے گا۔

فضائل سورۃ فلق

یہ سورت آسیب، سایہ، جنات کو دور کرنے کے لیے بہت ہی اکسیر ہے۔ جو شخص اسے رات کو سوتے وقت پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے تو ان شاء اللہ تعالیٰ ہر طرح کے ڈر، خوف اور مصیبت سے محفوظ رہے گا۔

☆ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے مجھ سے ارشاد فرمایا کہ اے عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ! تم اللہ کے نزدیک سورۃ الفلق سے زیادہ محبوب اور اس سے زیادہ جلد قبول ہونے والی اور کوئی سورۃ نہیں پڑھ سکتے۔ لہٰذا جہاں تک ہو سکے اس کو نماز میں پڑھنا نہ چھوڑو۔

(منتخب احادیث بحوالہ ابن حبان)

☆ ایک اور حدیث میں ہے کہ معوذتین کے مثل پناہ پکڑنے کے باب میں کوئی سورت میرے اوپر نازل نہیں ہوئی۔ لوگو! اس حفاظت کے قلعہ کی نگرانی کرو اور اس کی پناہ میں آرام! (مسلم)

فضائل سورۃ ناس

یہ سورت بھی جنات اور شیاطین سے بچنے کے لیے بہت مفید ہے۔ جو شخص رات کو سوتے وقت سورۃ فاتحہ ' آیت الکرسی ' سورۃ اخلاص ' سورۃ فلق اور یہ سورت ایک ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے دونوں ہاتھوں کو چہرے اور سر سے لے کر پیٹ اور ٹانگوں تک پھیرے ' ان شاء اللہ تعالیٰ وہ رات بھر جنات اور شیاطین کے شر سے اور دیگر آفات سماوی سے محفوظ اور اللہ کی پناہ میں رہے گا۔

(حصن حصین بحوالہ بخاری ' مسلم ابن شیبہ عن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

اس کے علاوہ یہ سورت جادو اور کالے علم کے اثرات کو ختم کرنے کے لیے بہت اکسیر ہے۔ لہٰذا اگر کسی شخص پر کالے علم کا وار ہوا ہو تو اسے گیارہ روز تک گیارہ سو مرتبہ اول و آخر درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں یا وہ خود دم کر کے پیئے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہر طرح کے سحر اور کالے علم کے اثرات ختم ہو جائیں گے اور کوئی دشمن نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

وظائف

تمام وظائف وغیرہ کو اسباب کے درجہ میں سمجھنا چاہیے اور اسباب خواہ کسی بھی نوعیت کے ہوں ' اللہ تعالیٰ کے حکم کے تابع ہیں ' اس کی منشا ہو گی تو اختیار کردہ اسباب و وظائف کے ذریعے تمام جائز مقاصد پورے ہوں گے ' ورنہ اللہ تعالیٰ کی جو منشا ہو گی وہی ظاہر ہو گا ' لہٰذا کسی بھی وظیفہ اور دعا کو پڑھتے وقت صرف اللہ تعالیٰ ہی کی ذات اقدس پر بھروسہ اور یقین رکھا جائے یہ ہرگز نہ سمجھا جائے کہ محض وظیفہ سے ہمارا کام بن جائے گا۔

جائز مقاصد کے لیے ' نیک نیتی کے ساتھ وظائف اختیار کرنے چاہئیں ' ناجائز مقاصد اور غلط نیت سے پڑھنے سے سخت نقصان کا اندیشہ ہے۔

احکام شریعت کی پابندی کے ساتھ ' نماز پنجگانہ باجماعت کا اہتمام ' اکل حلال اور صدق مقال کی پابندی کو دعاؤں کی قبولیت اور وظائف وغیرہ کے کارآمد ہونے میں بڑی اہمیت حاصل ہے ' لہٰذا ان چیزوں میں غفلت ہرگز نہیں برتنی چاہیے۔

وظیفہ کے دوران اللہ تعالیٰ پر توکل اور صبر و استقلال سے کام لیا جائے اور وظیفوں کے نتائج کے ظاہر ہونے میں جلد بازی اور بے صبری ہرگز نہ کی جائے ' بلکہ یہ اعتقاد رکھا جائے کہ اللہ تعالیٰ حکیم مطلق ہے ' لہٰذا مقاصد حاصل ہونے کے لیے ہمارے حق میں جو وقت بہتر ہے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں وہی مقدر ہو گا۔

یہ بات بطور خاص ذہن نشین کر لی جائے کہ ہمارے مسائل کا حل اور مقاصد میں کامیابی ہماری اپنی خواہش اور تجویز کے مطابق ہونا ضروری نہیں ہے ' بلکہ اللہ تعالیٰ کے علم میں ہماری دنیا و آخرت کے اعتبار سے جو بہتر ہو گا وہی ان شاء اللہ سامنے آئے گا۔

کسی بھی عمل کے مفید اور نافع ہونے میں خلوص نیت کے ساتھ اس پر پابندی کرنا بڑی اہمیت رکھتا ہے ' لہٰذا وظائف اور دعاؤں میں ناغہ سے پرہیز کرنا چاہیے ' البتہ عذر اور مجبوری کی صورت مستثنیٰ ہے۔

اور آخر میں یہ بات کہ قرآن کریم کی آیات اور احادیث کی دعاؤں کو بطور وظیفہ پڑھنا بلاشبہ حل مشکلات میں مفید اور خیر و برکت کی چیز ہے ' لیکن قرآن کریم و احادیث کا اصل مقصود ان کے احکام و ہدایات پر عمل کرنا ہے ' لہٰذا اصل مقصود کو فراموش ہرگز نہیں کرنا چاہیے بلکہ حقیقت یہ ہے کہ قرآن کریم اور سنت کی تعلیمات پر خلوص نیت کے ساتھ عمل کا جتنا اہتمام ہو گا ' دنیا و آخرت کی کامیابیاں بھی اتنی ہی نزدیک ہوتی چلی جائیں گی اور کسی وظیفہ وغیرہ کے بغیر

جملہ مقاصد اللہ کے فضل و کرم سے حاصل ہوتے چلے جائیں گے۔

برائے قضا حاجات

عشاء کے بعد دو رکعت نفل بہ نیت رضاء الٰہی پڑھی جائے اور پہلی رکعت میں الحمد شریف پڑھنے کے بعد ۱۰ مرتبہ قل یا ایہا الکافرون پوری سورۃ پڑھیں اور رکعت پوری کرلیں۔ پھر دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد قل ھو اللہ شریف پوری سورۃ ۱۰ مرتبہ پڑھیں' پھر رکوع کر کے دو رکعت پوری کرلیں۔ سلام پھیرنے کے بعد ۱۰ مرتبہ۔ سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر اور ۱۰ مرتبہ (پارہ ۲' سورۃ البقرہ آیت ۲۰) پڑھ کر صدق دل سے اپنے جائز مقصد کے لیے دعا کریں۔ حاجت پوری ہونے تک یہ عمل کریں۔

نماز حاجات

روزانہ صبح بعد نماز فجر اور شام کو بعد نماز عصر اول و آخر سات' سات بار درود شریف کے ساتھ 145 مرتبہ۔ "حسبی اللہ الحسیب" پڑھ کر مقصد کے لیے دعا کریں' یہ عمل اتوار کے دن سے شروع کریں اور ایک ہفتہ تک جاری رکھیں۔

نماز حاجات

اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے ساتھ ۱۴ ۱۴ مرتبہ "یا وھاب" پڑھیں' پھر سو مرتبہ یا وھاب ھب لی من لدنک نعمۃ الدنیا والاخرۃ۔

پڑھ کر مقصد کے لیے دعا کریں' انتہائی مجرب عمل ہے' البتہ دو باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے' ایک یہ کہ یہ عمل تنہائی کی جگہ مقرر کر کے کیا جائے اور دوسری یہ کہ وقت بھی مقرر کرلیا جائے' کیونکہ روزانہ مقررہ جگہ اور وقت پر پابندی کے ساتھ مقصد پورا ہونے تک عمل کرنا ہے۔

نیز یہ عمل تمام جملہ نیک مقاصد مثلاً "مشکلات و پریشانیوں کے حل' حلال و جائز ملازمت و روزگار کے حصول' تنگدستی سے نجات' جیل سے رہائی اور مقدمات سے باعزت رہائی' قرض سے جلد اور باعزت خلاصی' بچیوں کے رشتہ اور شادی بیاہ کے لیے' نیک اولاد کے حصول' کاروباری ترقی و خوشحالی' امتحانات میں کامیابی' ذاتی گھر اور اولاد کے مطیع فرماں بردار ہونے کے لیے بھی انتہائی کارآمد اور مجرب ہے' اسی طرح بیماری سے نجات کے لیے بے حد مفید ہے۔

بچیوں کے رشتے کے لیے

دو رکعت نفل نماز پڑھ کر اول و آخر سات سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ 3'3 مرتبہ پارہ 19' سورۃ الفرقان' آیت 54 پڑھیں۔

پھر نیک' شریف و باعزت رشتے کے لیے دعا کریں' عمل کی مدت 31 دن ہے۔

بچیوں کے رشتے کے لیے

روزانہ نماز عشاء اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے ساتھ ۱۰۰ مرتبہ' پارہ 20 سورۃ النمل' آیت 12 پڑھیں پھر رشتے کے لیے اور ہر جائز مقصد کے لیے دعا کریں۔ عمل کی مدت 40 دن ہے۔

یہ واضح رہے کہ بچیوں کے رشتے میں تاخیر اور پریشانی میں اکثر خود والدین اور سرپرست حضرات کے اپنے طرز عمل کا بھی بڑا دخل ہوتا ہے کہ اول تو رشتے کے لیے دینی معیار کو چھوڑ کر خود اپنا معیار مقرر کرلیا جاتا ہے اور دوسرے یہ کہ آنے والے مناسب رشتوں کو بھی خوب سے خوب تر کی تلاش میں چھوڑ دیا جاتا ہے' حالانکہ کسی مناسب رشتے کا آنا اگرچہ وہ اپنے خود ساختہ معیار کا نہ ہو' اللہ تعالیٰ کی طرف سے نعمت ہوتی ہے اور نعمت کی قدر نہ کرنا بڑی سنگین غلطی ہے' اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ رفتہ رفتہ پھر رشتے آنا ہی بند ہو جاتے ہیں' پھر یہ سمجھا جانے لگتا ہے کہ کسی نے

رشتوں کی بندش کروادی ہے' چنانچہ تعویذ گنڈوں اور پیرو فقیر کے چکر میں پڑ جاتے ہیں' جبکہ بندش وغیرہ کچھ نہیں ہوتی' بلکہ خود اپنی غلطی کا خمیازہ ہوتا ہے' لہٰذا یہ طرز عمل قابل اصلاح ہے' اسے بدل دینا چاہیے کہ لڑکا دین دار ہو' عزت دار اور شریف خاندان کا ہو' مناسب حد تک تعلیم اور حلال روزگار اور آمدنی رکھتا ہو' بری صحبت اور خراب سوسائٹی نہ رکھتا ہو' بس یہ مناسب معیار ہے' اس سے زیادہ چیزیں مثلاً "کار' بنگلہ' بینک بیلنس اور غیر ملکی شہریت وغیرہ سب بے کار اور آنی جانی چیزیں ہیں' دین و شریعت میں ان کی کوئی حیثیت نہیں' لہٰذا ایسی باتوں کی تلاش میں اپنی بچیوں کی عمر ضائع کرنا سخت نادانی اور بڑے گناہ کی بات ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں صحیح سمجھ عطا فرمائے۔ (آمین)

رزق میں خیر و برکت کے لیے

روزانہ بعد نماز فجر اول و آخر سات سات بار درود شریف کے ساتھ ستر مرتبہ پچیسویں پارے کے سورۃ الشوریٰ کی انیسویں آیت مبارکہ کا معمول بنالینا رزق میں خیر و برکت کے لیے نہایت مفید ہے۔

رزق میں برکت کے لیے

جب بھی گھر میں داخل ہوں۔
پھر گھر والوں کو سلام کریں اور پوری بسم اللہ شریف پڑھ کر ایک مرتبہ یا تین مرتبہ جیسا بھی ممکن ہو پوری قل ھو اللہ شریف کی سورۃ پڑھ لیا کریں۔ اس عمل کو اپنی زندگی کا معمول بنالیں' ان شاء اللہ تعالیٰ رفتہ رفتہ رزق میں اور پورے گھر میں خیر و برکت بڑھتی چلی جائے گی۔ بڑا نافع عمل ہے۔

برائے ادائیگی قرض

عشاء کی نماز کے بعد اسی جگہ بیٹھے ہوئے اول و آخر سات سات بار درود شریف کے ساتھ 41 مرتبہ پوری سورۃ اذا جاء نصر اللہ پڑھ کر قرض کی عزت و آسانی کے ساتھ جلد از جلد ادائیگی کے لیے دعا کریں' عمل کی مدت 40 دن ہے۔

برائے حصول ملازمت و حلال روزگار

عشاء کی نماز کے بعد روزانہ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے ساتھ 100 مرتبہ مندرجہ ذیل آیت مبارکہ پڑھ کر جائز' باعزت' خیر و برکت اور فراخی مستقل ملازمت اور ذریعہ آمدنی کے لیے دعا کریں۔ عمل کی مدت 40 دن ہے۔
(پارہ ۲۰' سورۃ النمل آیت ۳۲ پڑھیں)

روزگار کے لیے

نماز عشاء اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے ساتھ 15 مرتبہ۔
پارہ ۲۳' سورۃ یٰسین آخری آیت پڑھیں پھر دعا کریں' مقصد پورا ہونے تک یہ عمل کریں۔

روزگار کے لیے

پانچوں نمازوں کے فرضوں کے بعد اول و آخر تین تین بار درود شریف کے ساتھ 101 مرتبہ۔
پارہ ۳۰' سورۃ الضحیٰ کی آیت ۵ پڑھیں پھر ملازمت کے لیے دعا کریں' مقصد پورا ہونے تک یہ عمل کریں۔

نیا کاروبار اور نئی دکان کھولتے وقت

نیا کاروبار اور نئی دکان کا' جس دن افتتاح کا ارادہ ہوا' اسی دن فجر کی باجماعت نماز پڑھ کر درج ذیل وظیفہ بھی پڑھنا شروع کریں اور کاروبار بھی جاری رکھیں۔ وہ وظیفہ ہے۔
اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے ساتھ ۱۳ ۳مرتبہ پارہ 16 سورۃ مریم آیت نمبر ۲۵ پڑھیں۔
پھر کاروبار میں خیر و برکت ترقی کے لیے اور نقصان و خسارے سے حفاظت کی دعا کریں۔

سچائی ' دیانت داری اور ناپ تول میں نہایت احتیاط ' نیز کاروبار کے شرعی اصولوں کو ملحوظ رکھنا ترقی اور کامیابی کے لیے لازمی شرط ہے ' ورنہ فقط وظیفوں سے کچھ نہیں ہو گا۔

کاروبار اور دکان میں خیر و برکت کے لیے

جمعرات کے دن باوضو درج ذیل آیات مبارکہ کو سفید کورے (بغیر لائن والے) کاغذ پر لکھ کر گتے پر چپکائیں اور دکان کے دروازے کی اوپر والی چوکھٹ پر اندر کی جانب لٹکا دیں۔

پارہ ۳ سورۃ آل عمران ' آیت ۳۷ ' ۲۷ اگر خود نہ لکھ سکیں تو اپنی مسجد کے امام صاحب سے لکھوالیں۔

✡ ✡ ✡

رمضان المبارک

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ ماہ رمضان المبارک بہت ہی بابرکت اور فضیلت والا مہینہ ہے اور صبر و شکر اور عبادت کا مہینہ ہے اور اس ماہ مبارک کی عبادت کا ثواب ستر درجہ عطا ہوتا ہے جو کوئی اپنے پروردگار کی عبادت کر کے اس کی خوشنودی حاصل کرے گا اس کی بہت بڑی جزا خداوند تعالیٰ عطا فرمائے گا۔

وظائف

ماہ رمضان المبارک کی پہلی شب بعد نماز عشاء ایک مرتبہ سورۃ فتح پڑھنا بہت افضل ہے۔

ایضاً "ماہ رمضان کی پہلی شب بعد نماز تہجد آسمان کی طرف منہ کر کے بارہ مرتبہ یہ دعا پڑھنی بہت افضل ہے۔

لا الہ الا اللہ الحی القیوم القائمہ علی کل نفس بما کسبت

ان وظائف کے پڑھنے والے کو بے شمار نعمتیں اللہ پاک کی طرف سے عطا کی جائیں گی۔

ایضاً " ماہ رمضان المبارک میں روزانہ ہر نماز کے بعد اس دعائے مغفرت کو تین مرتبہ پڑھنا بہت افضل ہے۔

استغفر اللہ العظیم الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم۔ الیہ توبتہ عبد ظالم لا یملک نفسہ ضرا ولا نفعا" ولا موتا" ولا حیاۃ ولا نشورا"۔

رمضان شریف میں ہر نماز عشا کے بعد روزانہ تین مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھنے کی بہت فضیلت ہے اول مرتبہ پڑھنے سے گناہوں کی مغفرت ہو گی دوسری دفعہ پڑھنے سے دوزخ سے آزاد ہو گا۔ تیسری بار پڑھنے سے جنت کا مستحق ہو گا۔

پہلی شب قدر

حضور انور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ میری امت میں سے جو مرد یا عورت یہ خواہش کرے کہ میری قبر نور کی روشنی سے منور ہو تو اسے چاہیے کہ ماہ رمضان کی شب قدروں میں کثرت کے ساتھ عبادت الہی بجالائے تاکہ ان مبارک اور متبرک راتوں کی عبادت سے اللہ پاک اس کے نامہ اعمال سے برائیاں مٹا کر نیکیوں کا ثواب عطا فرمائے۔

شب قدر کی عبادت ستر ہزار شب کی عبادتوں سے افضل ہے۔

نفل نماز

اکیسویں شب کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھیں ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ قدر ایک ایک بار سورۃ اخلاص ایک ایک مرتبہ پڑھیں۔

بعد سلام کے ستر مرتبہ درود پاک پڑھیں۔

ان شاء اللہ تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کے حق میں فرشتے دعائے مغفرت کریں گے۔

اکیسویں شب کو دو رکعت نماز پڑھیں ہر رکعت

میں بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ قدر ایک ایک بار سورۃ اخلاص تین تین بار پڑھنی ہے۔
بعد سلام کے نماز ختم کر کے ستر مرتبہ استغفار پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس نماز اور شب قدر کی برکت سے اللہ پاک اس کی بخشش فرمائے گا۔

وظیفہ

ماہ رمضان المبارک کی اکیسویں شب کو اکیس مرتبہ سورۃ قدر پڑھنا بھی بہت افضل ہے۔

دوسری شب قدر

ماہ مبارک کی تئیسویں شب کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھیں ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ قدر ایک ایک بار سورۃ اخلاص تین تین مرتبہ پڑھیں۔
پھر بعد سلام کے ستر مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ واسطے مغفرت کے یہ نماز بہت افضل ہے۔
تئیسویں شب قدر کو آٹھ رکعت نماز چار سلام سے پڑھنی ہے ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ قدر ایک ایک دفعہ سورۃ اخلاص ایک ایک بار پڑھیں۔
اور بعد سلام کے ستر مرتبہ کلمہ تمجید پڑھیں اور اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی بخشش طلب کریں اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف فرما کر مغفرت فرمائے گا۔
تئیسویں شب کو سورۃ یٰسٓ ایک مرتبہ سورۃ رحمٰن ایک دفعہ پڑھنی بہت افضل ہے۔

تیسری شب قدر

ماہ رمضان کی پچیس تاریخ کی شب قدر کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھیں۔ بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ قدر ایک ایک بار سورۃ اخلاص پانچ پانچ مرتبہ ہر رکعت میں پڑھنے ہے۔ بعد سلام کے کلمہ طیبہ ایک سو دفعہ پڑھنا ہے۔ درگاہ رب العزت سے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بے شمار عبادت کا ثواب عطا ہو گا۔
پچیسویں شب کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھیں ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ قدر تین تین بار سورۃ خلاص تین تین بار پڑھیں بعد سلام کے ستر دفعہ استغفار پڑھیں۔
یہ نماز بخشش کے لیے بہت افضل ہے۔
پچیسویں شب قدر کو دو رکعت نماز پڑھنی ہے ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ قدر ایک ایک مرتبہ سورۃ اخلاص پندرہ پندرہ مرتبہ پڑھیں بعد سلام کے ستر دفعہ کلمہ شہادت پڑھنا ہے۔
یہ نماز واسطے نجات عذاب قبر بہت افضل ہے۔

وظائف

ماہ رمضان پچیسویں شب کو سات مرتبہ سورۃ دخان پڑھیں اللہ پاک اس سورۃ کو پڑھنے کے باعث عذاب قبر سے محفوظ رکھے گا۔
ایضاً "پچیسویں شب کو سات مرتبہ سورۃ فتح پڑھنا واسطے ہر مراد کے افضل ہے۔

چوتھی شب قدر

ستائیسویں شب قدر کو بارہ رکعت نماز تین سلام سے پڑھیں ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ قدر ایک ایک مرتبہ، سورۃ اخلاص پندرہ پندرہ مرتبہ پڑھیں بعد سلام کے ستر مرتبہ استغفار پڑھیں۔
اللہ تعالیٰ اس نماز پڑھنے والے کو نبیوں کی عبادت کا ثواب عطا فرمائے گا۔ ان شاء اللہ العظیم۔
ستائیسویں شب کو دو رکعت نماز پڑھیں ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ قدر تین تین مرتبہ۔ سورۃ اخلاص پانچ پانچ مرتبہ پڑھیں۔ بعد سلام کے سورۃ اخلاص ستائیس مرتبہ پڑھ کر گناہوں کی مغفرت طلب

کریں اللہ تعالیٰ اس کے تمام پچھلے گناہ معاف فرمائے گا۔

ستائیسویں شب کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھنی ہے ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ تکاثر ایک ایک بار سورۃ اخلاص تین تین مرتبہ پڑھیں۔

اس نماز پڑھنے والے پر سے اللہ پاک موت کی سختی آسان کرے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس پر سے عذاب قبر بھی معاف ہو جائے گا۔

ایضاً" ستائیسویں شب کو دو رکعت نماز پڑھیں ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ اخلاص سات سات مرتبہ پڑھیں۔ بعد سلام کے ستر دفعہ یہ تسبیح معظم پڑھنی ہے۔

استغفر اللہ العظیم الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ۔

ان شاء اللہ تعالیٰ اس نماز کو پڑھنے والے اپنے مصلی سے نہ اٹھیں گے کہ اللہ پاک اس کو اور اس کے والدین کے گناہ معاف فرما کر مغفرت فرمائے گا اور اللہ تعالیٰ فرشتوں کو حکم دے گا کہ اس کے لیے جنت آراستہ کرو اور فرمایا کہ وہ جب تک تمام بہشتی نعمتیں اپنی آنکھ سے نہ دیکھ لے گا اس وقت تک موت نہ آ سکے گی واسطے مغفرت یہ نماز بہت ہی افضل ہے۔

ایضاً" ستائیسویں شب قدر کو دو رکعت نماز پڑھیں ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے سورۃ نشرح ایک ایک بار سورۃ اخلاص تین تین مرتبہ پڑھیں بعد سلام ستائیس مرتبہ سورۃ قدر پڑھیں۔

ان شاء اللہ العظیم واسطے ثواب بے شمار عبادت کے یہ نماز بہت افضل ہے۔

ستائیسویں شب کو چار رکعت نماز پڑھیں ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ قدر تین تین دفعہ ۔ سورۃ اخلاص پچاس مرتبہ پڑھے بعد سلام سجدہ میں ایک مرتبہ یہ کلمات پڑھیں۔

سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر

اس کے بعد جو حاجت دنیاوی و دینوی طلب کرے وہ ان شاء اللہ تعالیٰ درگاہ باری تعالیٰ میں قبول ہو گی۔

وظائف

ستائیسویں شب قدر کو ساتوں حم پڑھیں یہ ساتوں حم عذاب قبر سے نجات اور مغفرت گناہ کے لیے بہت افضل ہیں۔

ایضاً" ستائیسویں شب کو سورۃ ملک سات مرتبہ پڑھنی واسطہ مغفرت گناہ بہت فضیلت والی ہے۔

پانچویں شب قدر

انتیسویں شب قدر کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھیں ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ قدر ایک ایک بار سورۃ اخلاص تین تین مرتبہ پڑھیں۔ بعد سلام کے سورۃ الم نشرح ستر مرتبہ پڑھیں۔

یہ نماز واسطے کامل ایمان کے بہت افضل ہے۔

ان شاء اللہ تبارک و تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کو دنیا سے مکمل ایمان کے ساتھ اٹھائے گا۔

ایضاً" ماہ رمضان کے انتیسویں شب کو چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھیں ہر رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ قدر ایک ایک بار سورۃ اخلاص پانچ پانچ مرتبہ پڑھیں بعد سلام کے درود شریف ایک سو دفعہ پڑھیں۔

ان شاء اللہ اس نماز کے پڑھنے والے کو دربار خداوندی سے بخشش و مغفرت عطا کی جائے گی۔

وظائف

ماہ رمضان المبارک کی انتیس شب کو سات مرتبہ سورۃ واقعہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ترقی رزق کے لیے بہت افضل ہے۔

ماہ رمضان کی کسی شب میں بعد نماز عشاء سات

مرتبہ سورۃ قدر پڑھنی بہت افضل ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے پڑھنے سے ہر مصیبت سے نجات حاصل ہوگی۔

جمعتہ الوداع

رمضان المبارک کے آخری جمعہ کو بعد نماز ظہر دو رکعت نماز پڑھیں پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ زلزال ایک بار سورۃ اخلاص دس مرتبہ دوسری میں بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ کافرون تین مرتبہ پڑھیں۔ بعد سلام کے دس مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر دو رکعت نماز پڑھیں۔ پہلی رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ تکاثر ایک بار سورۃ اخلاص دس دفعہ دوسری رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے آیتہ الکرسی تین مرتبہ سورۃ اخلاص پچیس مرتبہ بعد سلام کے درود شریف دس دفعہ پڑھیں۔

اس نماز کے بے شمار فضائل ہیں اور اس نماز کے پڑھنے والے کو اللہ پاک قیامت تک بے انتہا عبادت کا ثواب عطا فرمائے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

شوال المکرم

سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ شوال المکرم بڑی عظمت و بزرگی والا مہینہ ہے اور اس ماہ کی عبادت کا بہت ثواب ہے۔

نفل نماز

پہلی شب ماہ شوال بعد نماز عشاء چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھیں ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص اکیس اکیس مرتبہ پڑھنی ہے ان شاء اللہ تعالیٰ اس نماز پڑھنے والے کے لیے اللہ پاک جنت کے دروازے کھول دے گا اور دوزخ کے دروازے بند کر دے گا۔

شوال کی پہلی شب بعد نماز عشاء چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھیں ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص تین تین دفعہ سورۃ فلق تین تین دفعہ سورۃ ناس تین تین دفعہ پڑھے بعد سلام کے کلمہ تمجید ستر مرتبہ پڑھ کر اپنے گناہوں سے توبہ کریں اللہ پاک اس نماز کی برکت سے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف فرما کر اس کی توبہ قبول فرمائے گا۔

صلوۃ التسبیح

صلوۃ التسبیح بہت ہی فضیلت والی نماز ہے۔ اس نماز کو بندہ روزانہ پڑھے اگر روزانہ نہ پڑھ سکے تو ہفتہ میں ایک مرتبہ اگر ہر ہفتہ نہ پڑھ سکے تو ہر ماہ ایک مرتبہ پڑھیں اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو سال میں ایک دفعہ پڑھ لیں ورنہ اپنی زندگی میں تو ایک مرتبہ ضرور پڑھنی چاہیے۔ اگر سال میں ایک دفعہ پڑھے تو ماہ رمضان المبارک بروز جمعہ نماز ظہر سے قبل پڑھنی افضل ہے۔

ترکیب صلوۃ التسبیح

چار رکعت نماز صلوۃ التسبیح ایک سلام سے پڑھیں پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ زلزال ایک بار پھر حسب ذیل کلمات پندرہ مرتبہ پڑھنے ہیں۔

سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر۔

پھر رکوع میں جا کر رکوع کی تسبیح کے بعد یہی کلمات دس مرتبہ پڑھیں پھر رکوع کے بعد کھڑے ہو کر قومہ کی تسبیح تحمید کے بعد دس مرتبہ۔ پھر سجدہ کی تسبیح کے بعد دس مرتبہ دونوں سجدوں کے درمیان یہی کلمات دس مرتبہ پھر دوسرے سجدے میں تسبیح کے بعد دس مرتبہ پھر سجدہ سے اٹھ کر بیٹھے اور قعدہ میں دس مرتبہ پڑھیں دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ عادیات ایک مرتبہ پڑھ کر پہلی رکعت کی طرح اوپر والے کلمات اسی ترکیب سے پڑھنا ہیں۔ تیسری رکعت میں بعد سورۃ فاتحہ کے سورۃ نصر ایک بار پڑھ کر وہی کلمات پڑھیں چوتھی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص ایک بار پڑھ کر انہی کلمات کو اسی ترکیب سے پڑھیں۔ دوسرے اور چوتھے قعدہ میں بعد التحیات

تشہد کے پڑھنا ہیں۔ ہر رکعت میں یہ کلمات پچھتر مرتبہ اور چاروں رکعات میں تین سو مرتبہ یہ کلمات پڑھے جاتے ہیں یہ نماز شب قدروں میں بھی پڑھنی افضل ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کے اللہ پاک گناہوں کو معاف فرما کر مغفرت فرماتا ہے۔

دعا ایک انمول ہیرا

انسان کو اللہ تعالیٰ نے اشرف المخلوقات بنایا ہے۔ کائنات کی تمام چیزیں انسان کے لیے مسخر کی ہیں اور انسان کو عقل و شعور بخشا جس کی بدولت اس نے دنیا کی بہت سی چیزوں کو اپنے تابع بنایا۔ اس تمام قوت اور صلاحیت کے باوجود ایک ہستی ایسی ہے جس کے سامنے اس کی یہ تمام قوتیں اور صلاحیتیں کمزور تر ہیں۔ یہ ہستی رب العزت کی اعلا ہستی ہے۔ جس کے آگے انسان عاجز و محتاج ہے۔ اور انسان کی زندگی میں ایسے نازک دور اور تکلیف دہ اوقات بھی گزرتے ہیں جب اس کو کسی کی اعانت اور مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس کو دنیا میں ایسی پیچیدگیاں پیش آتی ہیں جنہیں کوئی انسان حل نہیں کر سکتا۔ جیسے دکھ درد، بیماری، تفکرات، غم و پریشانیاں اور الجھنیں وغیرہ..... ایسے میں انسان اس ہستی کے آگے بے بس ہو کر اپنی مدد اور اعانت کا طلب گار ہوتا ہے اور یہی وہ لمحے ہوتے ہیں جب انسان اس اعلا ہستی کو پکارتا ہے۔ جس کی طاقت اور اعانت سے ہی سکون و فرحت اور سرور حاصل کرتا ہے۔ وہی رب العزت ہے۔ جس نے اپنے انبیاء کے ذریعے انسان کو ایک ایسا انمول ہیرا دیا ہے جس کی قدر و منزلت ہر چیز کے آگے بلند تر ہے۔ وہ ہیرا "دعا" ہے۔ دعا ایک ایسا مضبوط قلعہ ہے۔ جس سے رنج و غم، دکھ درد، مصائب، کرب و فکر دور ہو جاتے ہیں اور ہر مشکل آسان ہو جاتی ہے۔ حضرت علی رضی

اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ "دعا مومن کا ہتھیار ہے۔" (طبرانی)

یعنی اس سے مراد ہے کہ دعا سے بڑی بڑی مصیبتیں ٹل جاتی ہیں۔ شیطانی حملوں سے حفاظت ہوتی ہے۔ انسانی دعا کی بدولت اپنے دشمن کے آگے زیر ہونے کے بجائے اپنے دشمن پر فتح یاب ہو جاتا ہے۔ بڑی بڑی نعمتیں جن کو حاصل کرنا انسان ناممکن سمجھتا ہے ممکن بن جاتی ہیں۔ حتیٰ کہ (مشکوۃ) کی حدیث ہے کہ "دعا تقدیر بدل دیتی ہے۔" یعنی کسی کی تقدیر میں خدانا خواستہ برائی لکھ دی گئی ہو اور خود اس نے اپنے لیے یا کسی نے اس کے لیے دعائے خیر کی تو اللہ تعالیٰ اس دعا کی بدولت اس کی تقدیر کی برائی کو بھلائی میں تبدیل کر دیتا ہے۔ جیسا کہ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ "اللہ پاک جو چیز چاہتا ہے مٹا دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے اسے ثابت رہنے دیتا ہے۔" ایک اور جگہ سورۃ المومن میں ارشاد ہے۔ "اور کہتا ہے تمہارا رب مجھ کو پکارو کہ پہنچوں تمہاری پکار کو بے شک جو لوگ تکبر کرتے ہیں میری بندگی سے اب داخل ہوں گے دوزخ میں ذلیل ہو کر۔"

سحری کے پکوان

لچھادار پراٹھا

اشیاء آٹا گوندھنے کے لیے:

میدہ	تین کپ
نمک	حسب ذائقہ
تیل یا گھی	دو کھانے کے چمچے
انڈا	ایک عدد (اگر چاہیں تو نہ ڈالیں)

تمام چیزوں کو آٹے میں مکس کر کے پانی سے گوندھ لیں اور کم از کم 15 منٹ کے لیے ڈھک کر رکھ دیں۔

ترکیب:

آٹے کے مناسب سائز کے پیڑے بنا لیں اور روٹی کی طرح گول بیل لیں۔ اور اس پر گھی لگا کر تھوڑا سا میدہ چھڑک دیں۔

بیچ میں سے چھری سے ایک سائڈ سے کاٹ لیں پھر اسے رول کر لیں کے کہ وہ کون کی طرح بن جائے۔ پھر بل دیتے ہوئے پیڑا بنا لیں۔

پھر دوبارہ بیل کر فرائنگ پین میں تھوڑا گھی ڈالیں اور دائرے میں پراٹھے کو چمچے سے گھما کر براون ہونے تک تلیں۔

فروزن پراٹھا

اشیاء:

میدہ	دو کپ
نمک	ایک چوتھائی چائے کا چمچہ
چینی	ایک کھانے کا چمچہ
گھی	تین چوتھائی کپ (گرم کر کے ٹھنڈا کر لیں)

ترکیب:

میدے میں نمک، چینی، گھی مکس کر کے نیم گرم پانی سے گوندھ لیں۔ تقریباً آدھے گھنٹے کے بعد درمیانے سائز کے پیڑے بنا کر باریک سی روٹی بیل لیں اور پھر لچھا پراٹھے کی طرح پٹی بنا کر دوبارہ پیڑا بنا لیں۔ رول کرتے جائیں اور بٹر پیپر یا کسی پلاسٹک بیگ میں ایک ایک پراٹھا رکھتے جائیں اور فریزر میں فریز کر لیں۔

جب پکانا ہو تو سیدھا فریزر سے نکال کر گرم توے یا فرائنگ پین میں ہلکا سا گھی لگا کر دونوں سائیڈوں سے پکالیں۔ گرم گرم پراٹھے اچاری آلو اور مسالا چائے کے ساتھ بہت مزا دیں گے۔

روا میدہ پراٹھا

اشیاء :

سوجی	آدھا کپ
چینی	ایک چائے کا چمچہ
میدہ	آدھا کلو یا 4 کپ
گھی	آدھا کپ یا 125 گرام
نمک	آدھا چائے کا چمچہ

ترکیب :

میدے میں گھی چینی اور نمک ڈال کر نیم گرم پانی سے گوندھ لیں اور تقریباً" ایک گھنٹے کے لیے ڈھک کر رکھ دیں۔ پھر چھوٹے چھوٹے پیڑے بنا کر رول کریں اور گھی لگا کر میدے کی جگہ سوجی چھڑک دیں اور چاہیں تو چوکور بنالیں یا کون بنا کر رکھتے جائیں اور ہلکے ہاتھوں سے رول کر کے توے پہ گھی کے ساتھ ہلکی آنچ پہ پراٹھوں کی طرح پکالیں' فرائی قیمہ کے ساتھ کھانے کے لیے پیش کریں' یہ پراٹھے آپ رمضان میں سحری کے وقت بہت مزا دیتے ہیں۔ بہت ہی خستہ اور مزے کے ہوتے ہیں۔

میتھی کے پراٹھے

اشیاء :

تازہ میتھی	ایک گڈی
نمک	ایک کھانے کا چمچہ
آٹا	تین پیالی
ثابت دھنیا	ایک کھانے کا چمچہ
بالائی	تین کھانے کے چمچے

(گھی یا مکھن بھی ڈال سکتے ہیں)

پانی	حسب ضرورت
ہری مرچ	چار سے پانچ عدد
پیاز	ایک عدد درمیانی
ہرا دھنیا	ایک گڈی
سرخ مرچ	ڈیڑھ کھانے کا چمچہ
کوکنگ آئل	پراٹھوں کے لیے

ترکیب :

میتھی کے پتے چن کر صاف کریں اور اچھی طرح پانی سے دھولیں۔ ہرے دھنیے کی لمبی پتیاں نرم ڈنڈیوں سمیت توڑ کر دھولیں۔ پیاز چھیل کر موٹی موٹی کاٹ لیں۔ اب میتھی میں ہرا دھنیا' پیاز' ثابت دھنیا' ہری مرچ' نمک اور مرچ ملا کر باریک پیس لیں۔ (بلینڈر میں یا سل پر) اور چٹنی سی بنالیں۔ اگر ضرورت ہو تو تھوڑا سا پانی ڈال دیں۔ آٹے میں بالائی ڈال کر ہاتھوں سے ملائیں اور تھوڑا تھوڑا کر کے میتھی کی چٹنی آٹے میں ملاتے ہوئے گوندھ لیں حسب ضرورت آٹے یا پانی کی مقدار بڑھا سکتی ہیں۔ آدھے گھنٹے کے لیے ڈھانپ کر رکھنے کے بعد پیڑے بنا کر روٹی بیل لیں اور درمیانی آنچ پر گھی یا تیل میں پراٹھے بنالیں اور دہی کے ساتھ پیش کریں۔

انڈے کا خاگینہ

اشیاء :

انڈے	دو عدد
ٹماٹر	آدھا پاؤ
ادرک	ذرا سی
نمک' سرخ مرچ	حسب پسند
پیاز	ایک عدد
ہری مرچ	چار یا چھ عدد
گھی	چار بڑے چمچے
ہرا دھنیا	گارنشنگ کے لیے

ترکیب:

پیاز باریک کاٹ لیں۔ ادرک، ہرا دھنیا سب باریک کاٹ لیں۔ ایک دیگچی میں گھی گرم کریں اور اس میں کٹی ہوئی پیاز ڈال دیں۔ ہلکی براؤن ہونے پر ذرا سا پانی ڈالیں اور ساتھ ہی نمک، سرخ مرچ، ٹماٹر اور ادرک ڈال دیں۔ دو چار بار چمچہ چلا کر تھوڑا پانی ڈال دیں تاکہ پیاز گل جائے دس منٹ کے بعد اس کو کھولیں اور بھون کر مسالا خشک کر لیں۔ پھر اس میں انڈے ڈال کر آہستہ چمچہ چلائیں۔ انڈے کے ٹکڑے بڑے بڑے اور خوب صورت دکھائی دینے چاہئیں اوپر سے ہرا دھنیا ڈال کر پیش کریں۔

کچے قیمے کے کباب

اشیاء:

قیمہ	آدھا کلو
پیاز (تل کر براؤن پیس لیں)	آدھا کپ
لہسن ادرک کا پیسٹ	ایک کھانے کا چمچہ
بیسن (بھون لیں)	چار کھانے کے چمچے
انڈا	ایک عدد
ہرا دھنیا (چوپ کر لیں)	دو کھانے کے چمچے
ہری مرچیں (چوپ کر لیں)	دو عدد
پیاز (باریک چوپ کی ہوئی)	آدھا کپ
پپیتا پیسٹ	ایک چائے کا چمچہ
نمک	حسب ذائقہ
ثابت لال مرچیں	دس عدد
ثابت دھنیا	ایک چائے کا چمچہ
ثابت زیرہ	ایک چائے کا چمچہ
سیاہ مرچ پاؤڈر	چھ عدد
لونگ	چار عدد
دار چینی	ایک عدد
چھوٹی الائچی	تین عدد
بڑی الائچی	ایک عدد

ترکیب:

ثابت لال مرچوں، ثابت دھنیا، ثابت زیرہ، سیاہ مرچ پاؤڈر، دار چینی، چھوٹی الائچی اور بڑی الائچی کو بھون کر پیس لیں۔ قیمہ میں براؤن کی ہوئی پیاز، لہسن ادرک پیسٹ، بیسن، انڈا، ہرا دھنیا، ہری مرچیں، نمک، پیاز، پپیتا پیسٹ اور بھون کر پسا ہوا مسالا ڈال کر مکس کر کے آدھا گھنٹہ میرینیٹ ہونے کے لیے چھوڑ دیں۔ اب آمیزے کے چھوٹے چھوٹے کباب بنا کر تھوڑے گرم تیل میں فرائی کریں۔ ہری چٹنی، پیاز اور

روٹی کے ساتھ سرو کریں۔ مزے دار کچے قیمہ کے کباب تیار ہیں۔

بھنا ہوا قیمہ

اشیاء :

قیمہ	آدھا کلو
پیاز	دو عدد
ابلے ٹماٹر	تین عدد
ہری مرچ	چار عدد
ہرا دھنیا	آدھا گڈی
کٹی لال مرچ	ایک کھانے کا چمچہ
ہلدی	ایک چائے کا چمچہ
پسا گرم مسالا	آدھا چائے کا چمچہ
خشک میتھی	ایک چائے کا چمچہ
ادرک لہسن کا پیسٹ	دو کھانے کے چمچے
نمک	حسب ذائقہ
تیل	ایک چوتھائی کپ

ترکیب :

پہلے کڑاہی میں تیل گرم کرکے دو عدد باریک کٹی پیاز شامل کرکے اتنا فرائی کریں کہ وہ اچھی طرح سے گولڈن ہو جائے۔ پھر اس میں دو کھانے کے چمچے ادرک لہسن کا پیسٹ اور آدھا کلو قیمہ شامل کرکے اتنا بھونیں کہ قیمے کا تمام پانی خشک ہو جائے۔ پھر اس میں تین عدد کٹے ہوئے ٹماٹر' چار عدد چوپڈ ہری مرچ ایک کھانے کا چمچہ کٹی لال مرچ' ایک چائے کا چمچہ' ہلدی' آدھا چائے کا چمچہ پسا گرم مسالا اور حسب ذائقہ نمک شامل کرکے خوب اچھی طرح سے بھنائی کریں۔

آخر میں ہرا دھنیا اور خشک میتھی ڈال کر مکس کر لیں اور سرو کریں۔

چکن کباب

اشیاء :

چکن قیمہ	آدھا کلو
وائٹ پیپر	آدھا چائے کا چمچہ
زیرہ (بھنا ہوا گرائنڈ کیا ہوا)	ایک چائے کا چمچہ
کٹی ہوئی لال مرچ	ایک چائے کا چمچہ
اجینو موتو	ایک چائے کا چمچہ
ادرک لہسن	ایک چائے کا چمچہ
ہری مرچ گرائنڈ کی ہوئی	ایک چائے کا چمچہ
گرم مسالا پاؤڈر	ایک چائے کا چمچہ
بھنا ہوا دھنیا	آدھا چائے کا چمچہ
نمک	آدھا چائے کا چمچہ
گھی	ایک چوتھائی کپ

ترکیب :

چکن کے قیمہ کو گرم مسالے' وائٹ پیپر' زیرہ' بھنا ہوا دھنیا' کٹی ہوئی لال مرچ' اجینو موتو' نمک ادرک' لہسن' گھی' ہری مرچ' کے ساتھ اچھی طرح میری نیٹ کرکے ایک گھنٹے کے لیے رکھ دیں۔ پھر اسے کباب کی شکل دے دیں۔ اور اسے میڈیم ہائی پر دس منٹ بیک کرلیں۔ تیار ہونے پر گرم گرم سرو کریں۔

☼ ☼ ☼

افطار کے لیے

کھجور کی کھویا بھری بالز

اشیاء :

کھجور	آدھا کلو
چینی	حسب ذائقہ
الائچی پاؤڈر	آدھا چائے کا چمچہ
دودھ	دو کپ
کھویا	ایک پاؤ

ناریل پاؤڈر ایک کپ

ترکیب :

کھجور کے بیج نکال کر صاف کر لیں اور چوپر میں پیس لیں۔ ایک ساس پین میں کھجوروں کا آمیزہ دودھ اور الائچی پاؤڈر ڈال کر پکائیں۔ دودھ خشک ہو جائے تو چمچے سے اچھی طرح مکس کر کے اور ٹھنڈا کر لیں۔ کھوئے میں چاہیں تو تھوڑی پسی چینی ملا کر اس کی چھوٹی بالز بنا لیں۔ اب کھوئے کی بالز پر کھجور کا آمیزہ لپیٹ کر دوبارہ اسے بالز کی شیپ دے دیں اور ناریل میں رول کر دیں۔ ٹھنڈا کر کے افطار کے وقت سرو کریں۔

سموسہ پٹی

اشیاء :

میدہ	ایک کلو
نمک	حسب ذائقہ
پانی	حسب ضرورت
تیل	سات کھانے کے چمچے

ترکیب :

پیالے میں میدہ اور نمک ڈال کر پانی کے ساتھ گوندھ لیں۔ اب اس کے چھوٹے چھوٹے پیڑے بنائیں اور پھر چھوٹی روٹیاں بیل لیں۔ پھر ایک روٹی پر تیل لگا کر دوسری روٹی اس کے اوپر رکھیں اور اس طرح پانچ لیئرز بنا کر ایک بڑی روٹی بیل لیں۔ پھر گرم توے پر تھوڑا سا سینک لیں اور لمبائی میں سموسہ پٹی کی طرح کاٹ لیں۔ پھر لیئرز کو الگ الگ کر لیں۔ سموسہ پٹی تیار ہے۔

اسپرنگ رول

اشیاء :

رول کے لیے پٹیاں	13عدد
بند گوبھی	ایک عدد
درمیانے سائز باریک کٹی ہوئی	
گاجر	دو عدد کدوکش کی ہوئی
شملہ مرچ	باریک کٹی ہوئی
ہری پیاز	چار عدد باریک کٹی ہوئی
نمک	حسب ذائقہ
کٹی ہوئی مرچ	ایک چائے کا چمچہ

کالی مرچ پسی ہوئی	ایک چائے کا چمچہ
اجینو موتو	ایک چائے کا چمچہ
سویا سوس	دو چائے کے چمچے
سرکہ	دو چائے کے چمچے
کوکنگ آئل	دو کپ

ترکیب :

تمام سبزیوں کو دو چمچے تیل ڈال کر فرائی کر لیں تقریباً پانچ منٹ تک اس کے بعد تمام مسالے شامل کر لیں جب تمام سبزیاں ٹھنڈی ہو جائیں تو ایک ایک پٹی پر تیار سبزیوں کو رکھ کر رول بنائیں اور ڈیپ فرائی کر لیں کیچپ کے ساتھ نوش فرمائیں۔

وائٹ ساس کٹلٹس

اشیاء برائے کٹلٹس :

آلو (ابال کر میش کر لیں)	ایک کلو
نمک	حسب ذائقہ
مٹر (ہلکا سا ابال لیں)	ایک پاؤ
گاجر (کدوکش کر کے ابال لیں)	آدھا پاؤ
ہرا دھنیا	حسب ضرورت
انڈے (سخت ابال کر میش کر لیں)	دو عدد
سبز مرچ	حسب ضرورت
پاپوں کا چورا	حسب ضرورت
سرخ مرچ پاؤڈر	ایک کھانے کا چمچہ

اشیاء (برائے وائٹ ساس) :

میدہ	دو کھانے کے چمچے
نمک، کالی مرچ پاؤڈر	حسب ذائقہ
تیل	ایک کھانے کا چمچہ

ترکیب (برائے وائٹ ساس) :

میدہ میں کالی مرچ، نمک اور پانی مکس کر کے پتلا سا گھول بنا لیں۔ تیل کو فرائی پین میں گرم کریں، اس میں یہ آمیزہ ڈال دیں، دو منٹ چمچے چلائیں اور اتار لیں، وائٹ ساس تیار ہے۔

ترکیب (برائے کٹلٹس) :

فرائی پین میں تھوڑا سا تیل ڈال کر گرم کریں، اس میں مٹر، گاجر، انڈے ڈال کر ہلکا سا چمچہ چلائیں، نمک اور کالی مرچ ڈالیں، ہرا دھنیا، ہری مرچ کاٹ کر شامل کریں، فلنگ تیار ہے۔ میش کیے ہوئے آلوؤں میں وائٹ ساس شامل کر کے اچھی طرح مکس کریں۔ آلوؤں کو ہتھیلی پر رکھ کر اس میں فلنگ ڈالیں۔ آلو کو فولڈ کر کے کباب کی شکل دیں۔ تیل گرم کریں اور کبابوں کو پھینٹے ہوئے انڈے میں ڈپ کریں۔ اس کے بعد پاپوں کے چورے میں ڈپ کر کے گولڈن فرائی کریں۔ تیار ہو جائیں تو ٹماٹو کیچپ کے ساتھ سرو کریں۔

چکن اور آلو کے کٹلٹس

اشیاء :

ڈبل روٹی	ایک عدد
بغیر ہڈی کی مرغی	ڈیڑھ پاؤ
آلو (ابلے ہوئے)	ڈیڑھ پاؤ
نمک	حسب ضرورت
کٹی مرچیں	دو چائے کے چمچے
املی کا پیسٹ	چار کھانے کے چمچے
زیرہ (پسا ہوا)	ایک چائے کا چمچہ
تیل	تلنے کے لیے
کیچپ	حسب ضرورت

ترکیب :

ابلے ہوئے آلوؤں کو اچھی طرح سے مسل لیں، اب ان میں نمک، املی، کٹی مرچیں اور زیرہ شامل کر دیں۔ چکن کو دو کپ پانی میں ڈال کر گلا لیں اور گلنے کے بعد اس کے ریشے الگ کر لیں اور آلوؤں میں ملا

دیں۔ ڈبل روٹی کے سلائسز کے کنارے سے دبا کر پانی اس طرح نچوڑیں کہ سلائس نہ ٹوٹے (پانی کسی گہری پلیٹ میں لیں) اب اس سلائس کے درمیان آلو والا آمیزہ رکھ کر لمبائی یا گولائی میں فولڈ کریں اس طرح سارے کٹلٹس بنالیں۔ اب تیل گرم کرکے ان کٹلٹس کو گولڈن براؤن ہونے تک فرائی کریں (دھیان رہے کہ ان کو ڈیپ فرائی نہیں کرنا ہے) براؤن ہونے پر ڈش میں نکال کر کیچپ کے ساتھ سرو کریں۔

پنیر بھرے چکن کٹلٹس

اشیاء :

مرغی (بغیر ہڈی کا گوشت)	ڈیڑھ کلو
پنیر	ایک پیکٹ
انڈا (سخت ابلے ہوئے)	پانچ عدد
پیاز (درمیانی)	دو عدد
ہری مرچ (باریک کٹی ہوئی)	6 عدد
ہرا دھنیا (باریک کٹا ہوا)	ایک گٹھی
کالی مرچ (تازہ پسی ہوئی)	بارہ عدد
آیوڈین نمک	حسب ضرورت
چائنیز چلی ساس	دو کھانے کے چمچے
سویا ساس	چار کھانے کے چمچے
اجینو موتو	آدھا چائے کا چمچہ
دہی	چار کھانے کے چمچے
بریڈ کرمبز	دو پیکٹ
تیل	حسب ضرورت (تلنے کے لیے)

ترکیب :

مرغی کو اچھی طرح دھو کر نمک کے ساتھ ابال لیں۔ جب اچھی طرح ابل جائے تو گوشت ہڈی سے الگ کرلیں۔ انڈے ابلے ہوئے چھیل لیں اور چوپر میں انڈے، مرغی کا گوشت اور بریڈ کرمبز سب ملا کر پیس لیں تاکہ یہ باریک قیمے کی طرح ہو جائے اس کے بعد اس میں کٹی ہوئی پیاز، ہرا دھنیا، ہری مرچ، چائنیز چلی ساس، سویا ساس، کالی مرچ، اجینو موتو اور دہی ملا دیں اور ہاتھوں سے اچھی طرح گوندھ لیں۔ اب پنیر کے چوکور ٹکڑے کاٹ لیں پھر تھوڑا قیمہ لے کر ہاتھ پر پھیلالیں اور ہلکی آنچ پر تیل میں فرائی کرلیں اور گولڈن

براؤن ہونے پر نکال لیں۔

قیمے کے سموسے

اشیاء :

قیمہ	250 گرام
پیاز (چوپ کرلیں)	ایک عدد
لہسن ادرک پیسٹ	ایک چائے کا چمچہ
نمک	حسب ذائقہ
لال مرچ پاؤڈر	آدھا چائے کا چمچہ
ہلدی پاؤڈر	چوتھائی چائے کا چمچہ
زیرہ (کٹا ہوا)	ایک چائے کا چمچہ
ٹماٹر (چوپ کرلیں)	ایک عدد
ہرا دھنیا، ہری مرچیں	حسب پسند
تیل	ایک کھانے کا چمچہ

سموسے بنانے کے لیے :

میدہ	دو کپ
گھی	دو کھانے کے چمچے
نمک	حسب ذائقہ
پانی	حسب ضرورت

ترکیب :

قیمے کو دھو کر اس میں پیاز، لہسن، ادرک پیسٹ، نمک، لال مرچ پاؤڈر، ہلدی پاؤڈر، زیرہ، ٹماٹر آدھا کپ پانی اور تیل ڈال کر ہلکی آنچ پر پکنے کے لیے رکھ دیں۔ قیمہ بھننے لگے تو اس میں ہری مرچیں اور ہرا دھنیا ڈال کر بھون لیں اور ٹھنڈا کرلیں۔

ترکیب، سموسے بنانے کے لیے :

میدے میں نمک اور گھی مکس کر کے پانی ڈال کر سخت آٹا گوندھ لیں اور تھوڑی دیر چھوڑ دیں۔ اس کے بعد آٹے کا پیڑہ بنا کر بیل لیں اور گول کٹر سے کاٹ لیں ایک سائیڈ پر قیمہ رکھیں۔ دوسرا سائیڈ پلٹ کر کنارے دبا دیں اور گرم تیل میں فرائی کریں چٹنی، دہی کے رائتے کے ساتھ افطار پر سرو کریں۔

مونگ کی دال کے بڑے

اشیاء :

مونگ دال	ایک کپ
ادرک	ایک انچ کا ٹکڑا
ہری مرچیں	تین عدد
زیرہ	ایک چائے کا چمچہ
ہرا دھنیا	آدھا کپ
نمک	حسب ذائقہ
کھانے کا سوڈا	ایک چوتھائی چائے کا چمچہ

دہی کے لیے :

دہی (پھینٹ لیں)	آدھا کلو
نمک	حسب ذائقہ
ہرا دھنیا	آدھی گٹھی
ہری مرچیں	تین عدد
لہسن کے جوے	دو عدد
زیرہ (کٹا ہوا)	ایک چائے کا چمچہ
چینی	ایک چائے کا چمچہ

ترکیب :

دال کو بھگو کر پانی نکال کر ادرک، ہری مرچیں، زیرہ، ہرا دھنیا، نمک اور کھانے کے سوڈے کے ساتھ پیس لیں اور کباب کے سائز کے پیڑے بنا لیں۔ گرم تیل میں ڈال کر پکائیں۔ آنچ کم رکھیں کہ کچا نہ رہ جائے اور تلنے کے بعد انہیں نمک ملے پانی میں ڈال دیں۔ نمک، ہرا دھنیا، ہری مرچیں، لہسن، زیرہ اور چینی گرائنڈر میں پیس لیں اور دہی میں مکس کر لیں۔ اب بڑے پانی سے نکال کر نچوڑ کر دہی میں ڈالیں اور سرو کریں۔ چاہیں تو میٹھی چٹنی اوپر سے ڈالیں۔

ماش کی دال کے بڑے

اشیاء :

ماش کی دال (بھگو دیں)	آدھا کپ
ادرک پیسٹ	ایک چائے کا چمچہ
زیرہ پاؤڈر	ایک چائے کا چمچہ
بیکنگ پاؤڈر	ایک چائے کا چمچہ
نمک	حسب ذائقہ
دہی	1/2 کلو
ثابت لال مرچیں	چھ عدد

زیرہ	دو چائے کے چمچے
چینی (پسی ہوئی)	دو چائے کے چمچے
تیل	حسب ضرورت

ترکیب:

دال کو بھگودیں نرم ہو جائے تو اس میں ادرک پیسٹ، زیرہ پاؤڈر، بیکنگ پاؤڈر مکس کر کے چوپر میں پیس لیں۔ ایک کڑاہی میں تیل گرم کریں اور بڑے بنا کر فرائی کرلیں۔ براؤن ہونے پر تیل سے نکال کر ٹھنڈے پانی میں بھگودیں۔ تھوڑی اس کے بعد پانی سے نکال کر نچوڑلیں اور ڈش میں پھیلائیں۔

اب دہی میں چینی اور نمک مکس کر کے پھینٹ لیں اور بڑوں پر ڈال دیں۔ ثابت لال مرچوں اور زیرے کو الگ الگ توے پر بھون کر پیس لیں اور بڑوں پر چھڑک دیں۔ املی کی میٹھی چٹنی ڈال کر سرو کریں۔

چکن پکوڑے

اشیاء:

چکن کی بوٹیاں	ایک پیالی
کھانے کا سوڈا	چٹکی بھر
لہسن ادرک کا پیسٹ	چائے کا ایک چمچہ
سفید زیرہ	چائے کا ایک چمچہ
بیسن	ایک پیالی
سرخ مرچ (کٹی ہوئی)	حسب ذائقہ
نمک	حسب ضرورت
چاٹ مسالا	چائے کا آدھا چمچہ

ترکیب:

چکن کی بوٹیوں کو آدھے لہسن، ادرک، بیسن اور نمک کے ساتھ ابال لیں۔ باقی تمام اجزا کا بیسن کا گاڑھا آمیزہ بنالیں۔ بیسن کا آمیزہ بنانے کے لیے چکن کی یخنی استعمال کرنی ہے پانی استعمال نہیں کرنا، چکن کی بوٹیاں بیسن میں ڈبو کر تل لیں۔

ہری مرچ تلی ہوئی

اشیاء:

ہری مرچ لمبی لمبی	دو درجن
نمک، سرخ مرچ	حسب ذائقہ
لہسن	بارہ جوے
املی	دس بارہ دانے

ادرک	ایک چھوٹا ٹکڑا
سفید زیرہ	ایک چائے کا چمچہ
تیل	حسب ضرورت

ترکیب :

املی دھو کر گودا بنالیں۔ نمک، سرخ مرچ، دو تین سبز مرچ اور لہسن کے چھ جوے سب کچھ ملا کر باریک پیس لیں۔ بیسن کو چھان کر ایک کھلے منہ کے برتن میں ڈالیں اور سب مسالا بیسن میں ملا کر پانی سے گاڑھا گھول لیں۔ ایک چٹکی سوڈا ملا کر ایک گھنٹہ کے لیے پڑا رہنے دیں پھر مرچوں میں مسالا بھرنے کے لیے الگ سے بنائیں۔ املی بھرنے والے مسالے میں ڈالنی ہے املی، نمک، سرخ مرچ، سبز مرچ، ادرک، سفید زیرہ پیس لیں۔ یہ مسالا پیس کر مرچوں میں بھریں تیار شدہ بیسن میں ڈبو ڈبو کر ہلکی آنچ پر تل کر سرخ کر کے نکال لیں۔

پالک کی پکوڑیاں

اشیاء :

پالک	ایک پاؤ
بیسن	ایک پاؤ
نمک	حسب ذائقہ
تیل	ایک پاؤ
انار دانہ	ایک چائے کا چمچہ
سرخ مرچ	دو کھانے کے چمچے
سوڈا	چٹکی بھر

ترکیب :

پالک کو باریک باریک کاٹ کر ایک بڑے برتن میں ڈال کر اچھی طرح دھولیں۔ بیسن چھان کر اس میں ملا دیں۔ انار دانہ دھو کر باریک پیس کے سوڈا اور نمک مرچ کے ساتھ بیسن میں شامل کر دیں۔ اچھی طرح پھینٹ کے ایک گھنٹے کے لیے چھوڑ دیں۔ اس کے بعد تیل گرم کر کے پالک کی پکوڑیاں تل کر نکالتی جائیں۔

چکن نگٹس

اشیاء :

چکن (کیوبز میں کٹی ہوئی)	آدھا کلو
سویا ساس	کھانے کے دو چمچے
بریڈ کرمبز	ایک پیالی
انڈا	ایک عدد
مسٹرڈ پاوڈر	چائے کا ایک چمچہ
دکنی مرچ	چائے کا ایک چمچہ
میدہ	ایک پیالی
نمک	حسب ذائقہ
تیل	حسب ضرورت

ترکیب :

چکن کی بوٹیوں میں نمک، مسٹرڈ پاوڈر، سویا ساس، دکنی مرچ ملا کر ایک گھنٹے کے لیے رکھ دیں۔ میدہ بیسن کی طرح گھول لیں۔ انڈا پھینٹ لیں۔ مرغی کی بوٹیاں

پہلے میدے میں پھر انڈے میں ڈبو دیں۔ آخر میں بریڈ کرمبز لگا کر تل لیں۔

وانٹون

اشیاء :

مرغی (بغیر ہڈی کا گوشت)	دو سو پچاس گرام
ابال کر چھوٹے چوکور ٹکڑے کر لیں)	
ہری پیاز	دو ڈنڈیاں
انڈہ	ایک عدد
پسا ہوا لہسن	ایک چائے کا چمچہ
کٹی ہوئی کالی مرچ	ایک چائے کا چمچہ
سویا ساس	ایک چائے کا چمچہ
پاکستانی چائنیز نمک	1/3 چائے کا چمچہ
ٹماٹر اور بند گوبھی	سجانے کے لیے

ترکیب :

پیالے میں میدہ، انڈے اور نمک ڈال کر سخت آٹا گوندھ کر تھوڑی دیر کے لیے رکھنے کے بعد چوکور روٹی بیلیں اور اس روٹی کے چھوٹے چوکور ٹکڑے کاٹ لیں۔ بلینڈر میں مرغی کے ٹکڑے لہسن، پاکستانی چائنیز نمک، سویا ساس، کالی مرچ، نمک اور ہری پیاز ڈال کر یکجان کر لیں۔

اس آمیزے کو چوکور پٹیوں کے درمیان رکھیں اور چاروں طرف سے لپیٹ کر پوٹلی بنائیں اور کناروں کو انڈہ لگا کر بند کر لیں۔ کڑاہی میں تیل گرم کر کے وانٹون اس میں سنہری کر کے پلیٹ میں نکال لیں پیش کرنے کی پلیٹ میں بند گوبھی کدوکش کر کے بچھا دیں اور ٹماٹر کے ٹکڑے کر کے رکھیں اور پھر وانٹون رکھ کر پیش کریں۔

بریڈ رولز

اشیاء :

چکن (ابلا ہوا)	ایک کپ
شملہ مرچ	ایک عدد
نمک	حسب ذائقہ
مایونیز	دو چائے کے چمچے
ڈبل روٹی کے سلائس	حسب ضرورت
دودھ	آدھا کپ
بند گوبھی	آدھا کپ
انڈا (ابلا ہوا)	ایک عدد
کالی مرچ (پسی ہوئی)	ایک چائے کا چمچہ
وائٹ ساس	ایک چائے کا چمچہ
پانی	ایک کپ
تیل (تلنے کے لیے)	حسب ضرورت

ترکیب :

ڈبل روٹی کے کنارے کاٹ لیں۔ پانی اور دودھ ملا لیں اب اس میں ڈبل روٹی اچھی طرح ڈبو کر ہاتھ سے

نچوڑ کر نکال لیں۔ باقی تمام اشیاء کو مکس کر لیں۔ سلائس لے کر ہاتھ پر رکھیں پھر اس میں ایک چمچہ تیار آمیزے کی فلنگ رکھیں اور ہاتھ سے دبا دبا کر رول کر کے کنارے دبا دیں۔ یہ رول دو گھنٹے تک فریج میں رکھ کر ڈیپ فرائی کر لیں۔

قیمہ کے پکوڑے

اشیاء :

قیمہ باریک پسا ہوا	آدھا کلو
تیل (تلنے کے لیے)	حسب ضرورت
لہسن (پسا ہوا)	بارہ جوئے
زیرہ (پسا ہوا)	ایک چائے کا چمچہ
نمک	حسب ذائقہ
بیسن	ڈیڑھ پاؤ
دھنیا سوکھا	ایک چٹکی
گرم مسالا (پسا ہوا)	ایک چائے کا چمچہ
سرخ مرچ	ایک کھانے کا چمچہ

ترکیب :

بیسن میں پانی ڈال کر خوب پھینٹیں اور گاڑھا کر لیں۔ پھر اس میں نمک مرچ ملا دیں۔ قیمہ کو خوب ابالیں پھر اس میں پسے ہوئے مسالے ملا کر پیس لیں۔ اب اس کے چھوٹے چھوٹے پکوڑوں جتنے گولے بنا کر بیسن میں ڈپ کر کے کھولتے ہوئے گھی میں تل کر نکال لیں۔ پودینہ کی چٹنی کے ساتھ گرم گرم کھائیں۔

☼ ☼ ☼

رمضان کے مشروبات

لال شربت

اشیاء :

گوند کیترا — دو کھانے کے چمچے یا ایک اونس

رات بھر کے لیے تین کپ پانی میں گوند کیترا بھگو کر رکھ دیں صبح تک گاڑھا سا آمیزہ بن جائے گا۔

چینی	ایک کلو
الائچی پاؤڈر	ایک چائے کا چمچہ
پانی	ایک لیٹر
لال رنگ	چند قطرے
کیوڑہ ایسنس	ایک چائے کا چمچہ
افزاء ایسنس	ایک چائے کا چمچہ

ترکیب :

ایک پین میں ایک لیٹر پانی اور چینی ڈال کر پکنے کے لیے رکھ دیں ساتھ ساتھ پانی کو صاف کرتے جائیں۔ جب دیکھیں کہ شیرہ تھوڑا سا گاڑھا ہونا شروع ہو گیا ہے تو گوند کیترا والا آمیزہ جو رات بھر کے لیے بھگو کر ڈال دیں اور مزید پکائیں جب گاڑھا ہو جائے تو چھان لیں۔ پھر اس میں لال رنگ، کیوڑہ ایسنس اور الائچی پاؤڈر ڈال کر اچھی طرح مکس کر لیں۔ جب ٹھنڈا ہو جائے تو بوتل میں ڈال کر محفوظ کر لیں۔ فریج میں رکھنے کی ضرورت نہیں۔

بادام کا شربت

اشیاء :

بادام	آدھا کپ (دو گھنٹے بھگو دیں)
ادرک (کٹی ہوئی)	آدھا چائے کا چمچہ
چھوٹی الائچی (پسی ہوئی)	پانچ عدد
پودینہ	تین پتیاں
چینی	آدھا کپ
پانی	دو کپ

ترکیب :

بادام کا چھلکا اتار کر ادرک کے ساتھ پیس لیں اور تھوڑا پانی ملا کر گاڑھا سا پیسٹ بنا لیں، پھر اس میں پانی، الائچی اور چینی بھی ملا دیں اور ہلکی آنچ پر پکائیں یہاں

تک کہ چینی گھل جائے۔ پودینے کی پتیوں سے گارنشنگ کرکے ٹھنڈا ٹھنڈا پیش کریں۔

ٹھادل شربت

اشیاء :

چینی	ایک کلو
بادام	150 گرام
(رات بھر پانی میں بھگو کر چھلکا اتارلیں)	
چہار مغز	ایک کھانے کا چمچہ
ثابت سبز الائچی	ایک کھانے کا چمچہ
پانی	ایک لیٹر
سونف	ایک کھانے کا چمچہ
زیرہ	ایک کھانے کا چمچہ

ترکیب :

ایک پین میں ایک لیٹر پانی اور چینی ڈال کر پکنے کے لیے رکھ دیں، ساتھ ساتھ پانی کو صاف کرتے جائیں۔ اب ایک بلینڈر میں بادام چہار مغز، خشخاش، سبز الائچی، زیرہ، سونف اور تھوڑا سا پانی ڈال کر پیس لیں اور چھان کر اس پانی کو شیرے میں ڈال دیں، مزید پانچ سے دس منٹ کے لیے پکا کر چولہے سے اتارلیں۔ جب ٹھنڈا ہو جائے بوتل میں ڈال فریج میں رکھ لیں۔ رمضان میں اور گرمیوں میں گھر کا بنا ہوا مزے دار ٹھادل توانائی اور طاقت دے گا۔

آلو بخارے کا شربت

اشیاء :

آلو بخارے	500 گرام
چینی	ایک کلو گرام
کھانے کا زرد رنگ	ڈیڑھ گرام
ایسنس	چند قطرے

ترکیب :

آلو بخارے اچھی طرح دھو کر صاف کرلیں۔ آدھا لیٹر پانی میں آلو بخارے ڈال کر رات بھر کے لیے چھوڑ دیں۔ صبح کو اسی پانی میں آلو بخاروں کو ابال لیں۔ دو چار جوش آنے کے بعد چولہے سے اتارلیں۔ چھلکے اور گٹھلی نکال کر پھینک دیں۔

اب اس رس میں چینی ملا کر پکائیں۔ ایک تار کی چاشنی تیار ہو جائے تو ایسنس اور زرد رنگ بھی ملا دیں اور چمچہ چلا کر سب کچھ اچھی طرح ملالیں۔ پھر اتار کر ٹھنڈا کرکے اور صاف بوتل میں بھرلیں۔